# ایسر القرآن

## فَمَنۡ اَظۡلَمُ 24

ہمارا مشن ہے کہ......قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ......اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر......قرآن پاک کو
بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار

**ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمٰی ضمیر خان صاحبہ** اور **انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب**

نے تخلیق و تجویز فرمایا......اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

تدوین و ترتیب : ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمٰی ضمیر خان

تسوید و تصحیح : ابوسعد محمد شفیق خاں جالندھری

پروف ریڈنگ : ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان

نظرِ ثانی : ابُو عبداللہ مفتی محمد مسعود ظفرؔ

اہتمام : حافظ محمد عثمان عیشؔ

پارہ : فَمَنْ اَظْلَمُ (24)

اشاعت اوّل :

تعداد : 1000

طباعت : اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز : خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق

1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

# القرآن الکریم

## فَمَنۡ اَظۡلَمُ 24

ہمارا مشن ہے کہ......قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ......اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر......قرآن پاک کو
با محاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔اس کے باوجود قرآنِ مجید کو مختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منتخب فرمایا۔فہم قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں،مگر بدقسمتی سے عربی زبان کو عربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کو صحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی (قاعدے) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے،مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اور اس کے ترجمہ وتفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق ''قرآن سمجھو'' تحریک کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کو عام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش و کاوش ہے۔اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت وتجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

① **جزم والا همزه:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں ''x'' کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

يَأْتُوكُمْ   یَ x تُ وْکُمْ   مُؤْمِنِيْنَ   مُ x مِ نِ یْ نَ

② **مد متصل:** اگر حروف مدہ (واؤ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مدِ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ   جَا...ءَ کُ مْ   سُوْٓءَ   سُ وْ ... ءَ   سِيِّٓئَتُ   سَیْ ... ءَ تُ

③ **مد منفصل:** اگر حروفِ مدہ (واؤ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ اُنْزِلَ   بِ مَا.. اُنْ زِ لَ   قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا   قُ وْ لُ وْ.. آ مَنْ نَا   فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ   فِیْ .. اَنْ فُ سِ کُمْ

④ **ادغام تام** اور **مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

(۱) ایک حرف دومرتبہ ایک کلمہ یا دو کلموں میں اِس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن کو متحرک میں مدغم کردیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ   اِذْ هَ ب بِ کِ تَا بِ یْ   سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا   سَ عْ یُ کُمْ مَ شْ کُ وْ رَا   عَنْ نَّفْسِيْ   عَنْ نَفْ سِ یْ

(۲) اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اور ان کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک حرف میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اُحِطْتُّ   اُ حِ ت تُ   اِذْ ظَّلَمُوْٓا   اِظْ ظَ لَ مُ وْ   قَدْ تَّبَيَّنَ   قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

(۳) اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ   اَ لَ مْ نَ خْ لُ کْ کُمْ   قُلْ رَّبِّيْ   قُ رْ رَ بْ بِ یْ   مِنْ رَّحِيْقٍ   مِ رْ رَ حِیْ قِنْ

⑤ **ادغام ناقص میں صوت (آواز):** ''ن'' ساکن یا ''ن'' تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ ''ن'' کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغامِ ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ يَّفْعَلْ   مَا ئیں یَ فْ عَ لْ   مَنْ يَّشَآءُ   مَا ئیں یَ شَا... ءُ   عِلْمًا وَّ   عِ لْ مَا وَں وَ   جَنّٰتٌ وَّ   جَ نْ نَا تُوں وَ

**نوٹ:** تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری ''قواعد وضوابط'' تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔ (ادارہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۲ | فَمَنْ | فَ مَنْ | پھر کون | | |
| | اَظْلَمُ | اَ ظْ لَ مُ | زیادہ ظالم ہے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظْلُوم، ظَالِمِین |
| | مِمَّنْ | مِم مَنْ | اس سے جس نے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | كَذَبَ | كَ ذَ بَ | جھوٹ بولا | ك ذ ب | كِذب، تَكذِیب، كَاذِب، كَذَّاب مُسَیلِمَہ كَذَّاب (نُبُوَّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَل لَا هِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَكَذَّبَ | وَ كَذ ذَ بَ | اور اس نے جھٹلایا | ك ذ ب | كِذب، تَكذِیب، كَاذِب، كَذَّاب مُسَیلِمَہ كَذَّاب (نُبُوَّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | بِالصِّدْقِ | بِص صِدْ قِ | سچ (قرآن) کو | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | جَآءَهٗ ؕ | جَا...ءَ هٗ | وہ اس کے پاس آیا؟ | ج ی ء | |
| | اَلَيْسَ | اَ لَا ئِ سَ | کیا نہیں ہے | | |

## فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ

اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولے؟ اور سچا دین جب اس کے پاس آئے تو اسے جھوٹا بتائے؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ جَهَنَّمَ | فِيْ جَ هَن نَ مَ | جہنم میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت جَہَنَّم کا عَذَاب، جَہَنَّم کی وَادی |
| | مَثْوًى | مَثْ وَ | ٹھکانا | ث و ی | |
| | لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ | لِ لْلَ كَا فِ رِيْنَ | کافروں کے لئے؟ | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفَّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| ۳۳ | وَالَّذِيْ | وَل لَ ذِ یْ | اور وہ شخص جو | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آیا | ج ی ء | |
| | بِالصِّدْقِ | بِص صِدْ قِ | سچائی کے ساتھ | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | وَصَدَّقَ | وَ صَد دَ قَ | اور جس نے تصدیق کی | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | بِهٖٓ | بِ هِیْ.. | اس کی | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُولٰٓئِكَ هُمُ | اُ لَا ... ءِ کَ ہُ مُ | یہی لوگ ہیں | | |

فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ

کیا ایسے کفار کے لئے جہنم ٹھکانا نہیں ہے؟ ﴿٣٢﴾ اور جو سچے دین کو لائے اور جس نے اس کی تصدیق کی یہی لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُتَّقُوْنَ ﴿٣٣﴾ | لْ مُ تَ تَ قُوْ نَ | متقی (پرہیزگار) | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ٣٤ | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے ہے | | |
| | مَّا يَشَآءُوْنَ | م مَا یَ شَا ... ءُ وْ نَ | جو وہ چاہیں گے | ش ی ء | اِن شاءَ اللہ، ما شاءَ اللہ، مشیتِ اِلٰہی |
| | عِنْدَ | عِ نْ دَ | پاس | ع ن د | عِندَ اللہ ماجور ہوں، عِندَ الطّلب |
| | رَبِّهِمْ ؕ | رَ ب بِ ہِمْ | ان کے ربّ کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ ہے | | |
| | جَزٰٓؤُا | جَ زَا ... ءُ | بدلہ | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿٣٤﴾ | لْ مُ حْ سِ نِیْ نَ | نیکی کرنے والوں کا | ح س ن | حسن، احسان، محسن، اَحسنُ الجزاء |
| ٣٥ | لِيُكَفِّرَ | لِ یُ کَف فِ رَ | تاکہ دور کردے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |

الْمُتَّقُوْنَ ﴿٣٣﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿٣٤﴾ لِيُكَفِّرَ

پارسا (پرہیزگار) ہیں ﴿٣٣﴾ ان کیلئے ان کے ربّ کے پاس (ہر) وہ چیز ہے جو یہ چاہیں، نیک لوگوں کا یہی بدلہ ہے ﴿٣٤﴾ تاکہ دُور کردے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان سے | | |
| | اَسْوَاَ | اَ سْ وَ اَ | بدترین اعمال | س و ء | عُلمائے سُوء، اخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ یْ | وہ جو | | |
| | عَمِلُوْا | عَ مِ لُوْ | انہوں نے کئے | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| | وَيَجْزِيَهُمْ | وَ یَ جْ زِ یَ ہُمْ | اور انہیں دے | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَجْرَهُمْ | اَ جْ رَ هُمْ | ان کا اجر | ء ج ر | اَجرِ عَظِیم، اَجر، اُجرت، اَجر وثَواب |
| | بِاَحْسَنِ | بِ اَ حْ سَ نِ | ان بہترین اعمال کے بدلے | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسِن، اَحسَنُ الجزاء |
| | الَّذِیْ | ل لَ ذِ یْ | جو وہ | | |
| | كَانُوْا | كَ ا نُوْ | تھے | ك و ن | |

اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِیْ عَمِلُوْا وَ یَجْزِیَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِیْ كَانُوْا

اللہ تبارک و تعالیٰ ان سے ان کے بُرے عملوں کو اور جو نیک کام انہوں نے کئے ہیں ان کا اچھا بدلہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یَعْمَلُوْنَ ۝۳۵ | یَ عْ مَ لُوْ نَ | کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ۳٦ | اَلَیْسَ | اَ لَا ئِ یْ سَ | کیا نہیں ہے | | |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | بِكَافٍ | بِ كَا فِنْ | کافی | ك ف ی | کَافی ہونا، کِفَایَت کرنا<br>ہمیں اللہ ہی کافی ہے |
| | عَبْدَهٗ ط | عَبْ دَ هٗ | اپنے بندے کو؟ | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | وَ یُخَوِّفُوْنَكَ | وَ یُ خَوْ وِ فُوْ نَ كَ | اور وہ آپ کو ڈراتے ہیں | خ و ف | خَوف وہِراس، بِلاخَوف، خَوفناک |
| | بِالَّذِیْنَ | بِلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں سے جو | | |
| | مِنْ دُوْنِهٖ ط | مِنْ دُوْ نِ هٖ | اس کے سوا ہیں | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِنْ | اور جسے | | سَحْر واَفطَار، نَماز وروزہ، صُبح وشَام |

یَعْمَلُوْنَ ۝۳۵ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ط وَ یُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ط وَمَنْ

عطا فرمائے ۝۳۵ کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں؟ لوگ آپ کو اللہ تعالیٰ کے سوا اوروں سے ڈرا رہے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یُّضْلِلِ | یُضْ لِ لِ | گمراہ کردے | ض ل ل | ضَلَالَت (گُمراہی)، ضَلَالَت وگُمراہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | فَمَا | فَ مَا | تو نہیں ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اسے | | |
| | مِنْ هَادٍ ﴿٣٦﴾ ج | مِنْ ہَاد | کوئی ہدایت دینے والا | ہ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عالَم، ہَادِیٔ کائنَات |
| ٣٧ | وَمَنْ | وَ مَائِیْن | اور جسے | | شِیر وشَکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | يَّهْدِ | یَ ہْ دِ | ہدایت دے | ہ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عالَم، ہَادِیٔ کائنَات |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | فَمَا | فَ مَا | تو نہیں ہے | | |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اسے | | |
| | مِنْ مُّضِلٍّ ط | مِم مُ ضِل لِ | کوئی گمراہ کرنے والا | ض ل ل | ضَلالَت (گمراہی)، ضَلالَت وگُمراہی |
| | اَلَيْسَ | اَ لَا ئِیْ سَ | کیا نہیں ہے | | |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٣٦﴾ ج وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ط اَلَيْسَ اللّٰهُ

اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے اس کی رہنمائی کرنے والا کوئی نہیں ﴿٣٦﴾ اور جسے وہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں کیا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِعَزِيْزٍ | بِ عَ زِیْ زِنْ | خوب غالب | ع ز ز | اَلعَزِیز (غالِب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزیزِ مصر، مُعزَّز، مُعزَّزات |
| | ذِي انْتِقَامٍ ﴿٣٧﴾ | ذِنْ تِ قَام | انتقام لینے والا؟ | ن ق م | اِنتِقام، اِنتِقامی رَوَیّہ، اِنتِقامی مُقدّمہ، اِنتِقامی کارروائی |
| ٣٨ | وَلَئِنْ | وَلَ ءِنْ | اور یقیناً اگر | | سَیر وسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز، اِن شَاءَاللہ |
| | سَاَلْتَهُمْ | سَ اَلْ تَ ہُمْ | آپ ان سے پوچھیں | س ء ل | سَائِل، سَائِلین، مَسائِل، مَسئَلہ |
| | مَّنْ | مَنْ | کس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْضَ | اور زمین کو؟ | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَيَقُوْلُنَّ | لَ ىَ قُوْ لُن نَ | تو وہ ضرور کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |

بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ﴿٣٧﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

اللہ تعالیٰ غالب اور بدلہ لینے والا نہیں؟ ﴿٣٧﴾ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان وزمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو یقیناً وہ یہی جواب دیں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ ط | ل لا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَفَرَءَيْتُمْ | اَ فَ رَ اَ ئِ تُمْ | بھلا دیکھو تو | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُویتِ ہلال، غیر مرئی |
| | مَّا | م مَا | جنہیں | | ماشاءاللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |
| | تَدْعُوْنَ | تَ دْ عُوْ نَ | تم پکارتے ہو | د ع و | دُعا دینا، دعوت دینا، مدعو کرنا |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْ نِ | سوا | د و ن | بِدُون اس کے |
| | اللّٰهِ | ل لا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءاللہ |
| | اَرَادَنِىَ | اَ رَا دَ نِ یَ | ارادہ کرے میرے حق میں | ر و د | پختہ ارادہ، ارادت، مریدِ صادق |
| | اللّٰهُ | ل لا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | بِضُرٍّ | بِ ضُ رِ رِنْ | کسی تکلیف کا | ض ر ر | ضرر رساں، مضرِ صحت، مسجدِ ضرار |
| | هَلْ | ہَ لْ | (تو) کیا | | |

اللّٰهُ ط قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ

کہ اللہ تعالیٰ نے، آپ ان سے کہئے کہ اچھا یہ تو بتاؤ جنہیں تم اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ تعالیٰ مجھے نقصان پہنچانا چاہے تو کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُنَّ | ہُن نَ | وہ | | |
| | كٰشِفٰتُ | کَا شِ فَا تُ | دُور کرسکتے ہیں | ك ش ف | منکشف ہونا، صاحبِ کشف، کاشف |
| | ضُرِّهٖٓ | ضُر رِ ہِیْ.. | اس کی (دی ہوئی) تکلیف کو؟ | ض ر ر | ضرر رساں، مضرِ صحت، مسجدِ ضرار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوْ | آ ؤْ | یا | | |
| | اَرَادَنِيْ | آ رَ ا دَ نِيْ | وہ ارادہ کرے میرے حق میں | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِیدِ صادِق |
| | بِرَحْمَةٍ | بِ رَ حْ مَ تِنْ | کسی رحمت کا | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | هَلْ | ہَ لْ | تو کیا | | |
| | هُنَّ | ہُن نَ | وہ | | |
| | مُمْسِكٰتُ | مُمْ سِ كَا تُ | روک سکتے ہیں | م س ك | مُمسِک، اِمساک (روکنا) تمسُّک بِالسُّنّہ |
| | رَحْمَتِهٖ ط | رَحْ مَ تِ ہٖ | اس کی رحمت کو؟ | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجیے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | حَسْبِيَ | حَسْ بِ یَ | مجھے کافی ہے | ح س ب | حَسبِیَ اللہ، حَسبُنَا اللہ، حسبِ حال |

هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ط قُلْ حَسْبِيَ

یہ اس کے نقصان کو ہٹا سکتے ہیں؟ یا اللہ تعالیٰ مجھ پر مہربانی کا ارادہ کرے تو کیا یہ اس کی مہربانی کو روک سکتے ہیں؟ آپ کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ ط | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اسی پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | يَتَوَكَّلُ | یَ تَ وَ کْ کَ لُ | بھروسا کرتے ہیں | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |
| | الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۳۸ | لْ مُ تَ وَ کْ کِ لُوْ نَ | بھروسا کرنے والے | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |
| ۳۹ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجیے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَا وْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعْمَلُوْا | عْ مَ لُوْ | تم عمل کرو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | عَلٰى مَكَانَتِكُمْ | عَ لَا مَ كَا نَ تِ كُ مْ | اپنی جگہ پر | ك و ن | مَکان، مَکیں، مَکانات |
| | اِنِّيْ | اِن نِيْ | بے شک میں (بھی) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝٣٨ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ** | | | | |
| | مجھے کافی ہے، توکّل کرنے والے اسی پر توکّل کرتے ہیں ۝٣٨ کہہ دیجئے کہ اے میری قوم! تم اپنی جگہ پر عمل کئے جاؤ میں بھی | | | | |
| | عَامِلٌ ۚ | عَا مِ لُ | عمل کرنے والا ہوں | ع م ل | عمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | پھر جلد ہی | | |
| | تَعْلَمُوْنَ ۙ ۝٣٩ | تَ عْ لَ مُوْ نَ | تم جان لوگے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، مَعلوم، علاّمہ |
| ٤٠ | مَنْ | مَا ئِیْ | کون ہے کہ | | |
| | يَّاْتِيْهِ | یَ x تِيْ هِ | اس کے پاس آتا ہے | ء ت ی | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُوْ ئِيْ | ایسا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | يُّخْزِيْهِ | یُ خْ زِ یْ هِ | جو اسے رُسوا کر دے گا | خ ز ی | خَزایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| | وَيَحِلُّ | وَ یَ حِلْ لُ | اور اُترے گا | ح ل ل | حَل ہونا، مُحِل ہونا، حُلول، حِلّ حرم |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِیْ هِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | **عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ۝٣٩ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ** | | | | |
| | عمل کر رہا ہوں، ابھی ابھی تم جان لوگے ۝٣٩ کہ کس پر رُسوا کرنے والا عذاب آتا ہے اور کس پر دائمی مار اور ہمیشگی کی | | | | |
| | مُّقِيْمٌ ۝٤٠ | مُ مُ قِیْ مُ | ہمیشہ رہنے والا | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| ٤١ | اِنَّآ | اِنْ نَا.. | بلاشبہ | | |
| | اَنْزَلْنَا | اَنْ زَلْ نَا | ہم نے نازل کی | ن ز ل | نازِل، اِنزال، نُزولِ قرآن |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِیْ کَ | آپ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | الْكِتٰبَ | لْ کِ تَا بَ | یہ کتاب | ك ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | لِلنَّاسِ | لِنْ نَا سِ | لوگوں کے لئے | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْحَقِّ ج | بِلْ حَقْ قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | فَمَنِ | فَ مَ نِ | پھر جس نے | | |
| | اهْتَدٰى | ہْ تَ دَا | ہدایت پائی | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عالَم، ہَادِیٔ کائنات |
| | فَلِنَفْسِهٖ ج | فَ لِ نَفْ سِ ہٖ | تو اپنے ہی لئے | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتَنَفِّس |

مُّقِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ

سزا ہوتی ہے ﴿٤٠﴾ آپ پر ہم نے حق کے ساتھ یہ کتاب لوگوں کے لئے نازل فرمائی ہے، پس جو شخص راہ راست پر آ جائے اس کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِیں | اور جو | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شب و روز |
| | ضَلَّ | ضَل لَ | گُمراہ ہوا | ض ل ل | ضَلَالت (گُمراہی)، ضَلَالت و گُمراہی |
| | فَاِنَّمَا | فَ اِن نَ مَا | تو بس | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَضِلُّ | یَ ضِل لُ | وہ گُمراہ ہوتا ہے | ض ل ل | ضَلَالت (گُمراہی)، ضَلَالت و گُمراہی |
| | عَلَيْهَا ج | عَ لَا ئِیْ ہَا | اپنے ہی نقصان کو | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | وَمَاۤ | وَ مَا .. | اور نہیں ہیں | | شان و شوکت، صَبر و تَحَمُّل، ذِکر و اذکار |
| | اَنْتَ | اَنْ تَ | آپ | | |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِیْ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | بِوَكِيْلٍ ﴿٤١﴾ ع | بِ وَ کِیْ لِ | کوئی ذمے دار | و ك ل | وَکِیل، وُکَلَاء، وَکَالت کرنا |
| ٤٢ | اَللّٰهُ | اَل لَا ہُ | اللہ ہی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَتَوَفَّى | یَ تَ وَ فْ فَ | قبض کرتا ہے | و ف ی | وَفات، فوت ہونا، مُتَوَفّٰی، مُتَوَفِّیَہ (فوت شدہ) |

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٤١﴾ ع اَللّٰهُ يَتَوَفَّى ع ١

اپنے لئے نفع ہے اور جو گمراہ ہو جائے اس کی گمراہی کا (وبال) اسی پر ہے، آپ ان کے ذمہ دار نہیں ﴿٤١﴾ اللہ تعالیٰ ہی روحوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَنْفُسَ | لْ اَنْ فُ سَ | جانوں کو | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتَنَفِّس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حِيْنَ | حِیْ نَ | وقت | ح ی ن | |
| | مَوْتِهَا | مَا وْ تِ هَا | ان کی موت کے | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | وَالَّتِيْ | وَل لَ تِيْ | اور ان (جانوں) کو (بھی) جو | | |
| | لَمْ تَمُتْ | لَ مْ تَ مُتْ | نہیں مریں | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | فِيْ مَنَامِهَا ج | فِيْ مَ نَا مِ هَا | ان کی نیند (کے وقت) میں | ن و م | اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ (نماز نیند سے بہتر ہے) نَوْمُ الْعُرُوْس، نَوم (نیند) |
| | فَيُمْسِكُ | فَ یُمْ سِ كُ | پھر وہ روک لیتا ہے | م س ك | مُمسِک، اِمساک (روکنا) تمسّک بِالسُّنّہ |
| | الَّتِيْ | ل لَ تِيْ | اس (روح) کو کہ | | |
| | قَضٰى | قَ ضَا | اس نے فیصلہ کر دیا | ق ض ی | قضا وقدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا يْ هَا | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |

**اَلْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ج فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا**

ان کی موت کے وقت اور جن کی موت نہیں آئی انہیں ان کی نیند کے وقت قبض کر لیتا ہے، پھر جن پر موت کا حکم لگ چکا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمَوْتَ | لْ مَا وْ تَ | موت کا | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | وَيُرْسِلُ | وَ یُرْ سِ لُ | اور وہ بھیج دیتا ہے | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| | الْاُخْرٰى | لْ اُخْ رَا.. | دوسری (سونے والی جان) کو | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤَخَّر طاؤس و رُباب آخر |
| | اِلٰى اَجَلٍ | اِلَا.. اَ جَ لِ | ایک وقت تک | ء ج ل | اَجَل، آجال، فرشتۂ اَجَل، لُقمۂ اَجَل |
| | مُّسَمًّى ط | م مُ سَمْ مَا | مقرر (موت) | س م و | وجہ تسمیہ، اِسمِ بامُسمّٰی، مُسمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَا لِ كَ | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ يَا تِ | یقیناً عظیم نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِنْ | اس قوم کے لئے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ موسیٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ | | | | | |
| انہیں تو روک لیتا ہے اور دوسری (روحوں) کو ایک مقرر وقت تک کے لئے چھوڑ دیتا ہے، غور کرنے والوں کے لئے اس میں یقیناً بہت سی | | | | | |
| | يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ | یَ تَ فَ کْ کَ رُوْ نَ | جو غور و فکر کرتی ہے | ف ك ر | فکرِ آخرت، تفکّر، تفکّرات، مُفکّر |
| ۴۳ | اَمِ | اَمِ | کیا | | |
| | اتَّخَذُوْا | تْ تَ خَ ذُوْ | انہوں نے بنائے ہیں | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْنِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | شُفَعَآءَ ۭ | شُ فَ عَا... ء | سفارشی؟ | ش ف ع | شَفاعت، شفیع، شَافعِ محشر |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اَوَلَوْ | اَ وَ لَ وْ | کیا اگرچہ | | |
| | كَانُوْا | کَ ا نُوْ | وہ ہوں | ك و ن | |
| | لَا يَمْلِكُوْنَ | لَا یَ مْ لِ کُوْ نَ | اختیار نہ رکھتے | م ل ك | مِلک، مَلکیّت، اِملاک، مُلک، مَالِک |
| يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ | | | | | |
| نشانیاں ہیں ﴿۴۲﴾ کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا (اوروں کو) سفارشی مقرر کر رکھا ہے؟ آپ (ﷺ) کہہ دیجئے! کہ گو وہ کچھ بھی | | | | | |
| | شَيْـًٔا | شَ یْ آ ءً ن | کسی چیز کا | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ | وَ لَا یَ عْ قِ لُوْ نَ | اور نہ وہ عقل رکھتے ہوں؟ | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |
| ۴۴ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِّلّٰهِ | لِلْ لَا ہِ | اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الشَّفَاعَةُ | شْ شَ فَا عَ ةُ | سفارش | ش ف ع | شَفاعت، شفیع، شَافعِ محشر |
| | جَمِيْعًا ۭ | جَ مِیْ عَا | سب کی سب | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجموعہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اسی کے لئے ہے | | |
| | مُلْكُ | مُ لْ كُ | بادشاہی | م ل ك | مُلک، مُمالِک، مَملکتِ اِسلامیہ |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ط | وَلْ اَ رْ ضِ | اور زمین کی | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |

شَيْـًٔا وَّ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٣﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ط لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ط

اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ عقل رکھتے ہوں ﴿٤٣﴾ کہہ دیجئے! کہ تمام سفارش کا مختار اللہ تعالیٰ ہی ہے تمام آسمانوں اور زمین کا راج

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُ مْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِلَيْهِ | اِ لَاْ ئِ ہِ | اسی کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٤﴾ | تُ رْ جَ عُوْ نَ | تم لوٹائے جاؤ گے | ر ج ع | رُجُوع، رَجعت، مَرجَعِ خلائق |
| ٤٥ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلَم |
| | ذُكِرَ | ذُ كِ رَ | ذکر کیا جاتا ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | وَحْدَهٗ | وَ حْ دَ ہٗ | اکیلے کا | و ح د | واحِد، وَحدانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | اشْمَاَزَّتْ | شْ مَ اَ زْ زَ تْ | تو (توحید الٰہی سے) نفرت کرتے (تنگ پڑ جاتے) ہیں | ش م ز | |
| | قُلُوْبُ | قُ لُوْ بُ | دل | ق ل ب | قَلب، قُلُوب، قَلبی تَعلُّق، قَلبِ اَطہر |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کے جو | | |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا يُ x ءْ مِ نُوْ نَ | نہیں ایمان رکھتے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اسی کیلئے ہے تم سب اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے ﴿٤٤﴾ جب اللہ تعالیٰ اکیلے کا ذکر کیا جائے تو ان لوگوں کے دل نفرت کرنے لگتے ہیں جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْاٰخِرَةِ ج | بِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت پر | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | سحرو افطار، نماز و روزہ، صُبح وشام |
| | ذُكِرَ | ذُ کِ رَ | ذکر کیا جاتا ہے | ذ ك ر | ذِکر، اذکار، ذاکر، مذکور، ذِکرِ الٰہی |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان (معبودوں) کا جو | | |
| | مِنْ دُوْنِهٖٓ | مِنْ دُوْ نِ ہیْ.. | اس کے سوا ہیں | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اِذَا | اِ ذَا | تو اس وقت | | |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |
| | يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٤٥﴾ | یَسْ تَبْ شِ رُوْ نَ | بڑے خوش ہوتے ہیں | ب ش ر | بشارت، مُبشر، بَشیر، بُشریٰ |
| ٤٦ | قُلِ | قُ لِ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اللّٰهُمَّ | ل لَا ہُمْ مَ | اے اللہ! | ء ل ہ | اللہ تعالیٰ، سُبحان اللہ کہنا، اِلٰہ، آلِہہ |

بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ ... 

بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٤٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ

آخرت کا یقین نہیں رکھتے اور جب اس کے سوا (اور کا) ذکر کیا جائے تو ان کے دل کھل کر خوش ہو جاتے ہیں ﴿٤٥﴾ آپ کہہ دیجئے! کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاطِرَ | فَا طِ رَ | اے پیدا کرنے والے | ف ط ر | فاطِر (پیدا کرنے والا) سُورۃ فاطِر فِطرت، فِطری چیز |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سماوی کُتب، ارض وسماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَرْ ضِ | اور زمین کے! | ء ر ض | ارض وسماء، اراضی، کُرۂ ارض |
| | عٰلِمَ | عَا لِ مَ | جاننے والے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، معلُوم، علاّمہ |
| | الْغَيْبِ | لْ غَا ئِ بِ | چھپے | غ ی ب | غیب کا علم، غیاب، غیبی امداد |
| | وَالشَّهَادَةِ | وَشْ شَ ہَا دَ ۃِ | اور ظاہر کے! | ش ہ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | اَنْتَ | اَنْ تَ | تو ہی | | |
| | تَحْكُمُ | تَ حْ کُ مُ | فیصلہ کرے گا | ح ك م | حُکّام، محکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، تحکّم |
| | بَيْنَ | بَا ئِ نَ | درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابین فیصلہ بَینُ الاقوامی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عِبَادِكَ | عِ بَا دِ کَ | اپنے بندوں کے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، چھپے کھلے کے جاننے والے تو ہی اپنے بندوں میں ان امور کا فیصلہ فرمائے گا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ مَا | فِیْ مَا | ان (باتوں) میں کہ | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | كَانُوْا | کَ ا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٦﴾ | یَ خْ تَ لِ فُوْ نَ | اختلاف کرتے | خ ل ف | اِختِلَافِ امت، اِختِلَافات، اِختِلَافِ مذہب، فُروعی اِختلاف |
| ٤٧ | وَلَوْ | وَ لَا ؤْ | اور اگر | | سَحَر وَاَفطَار، نَماز وروزہ، صُبح وشَام |
| | اَنَّ | اَ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ یْ نَ | (میسر ہو) ان لوگوں کیلئے جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرَت، مَاتحت |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْ ضِ | زمین میں ہے | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | جَمِيْعًا | جَ مِیْ عَا ؤْ ں | سب کا سب | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجمَاع، مَجمَع، مَجمُوعہ |

فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

جن میں وہ اُلجھ رہے تھے ﴿٤٦﴾ اگر ظلم کرنے والوں کے پاس وہ سب کچھ ہو جو روئے زمین پر ہے اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور ہو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّمِثْلَهٗ | وَ مِثْ لَ ہُوْ | اور اس کی مثل | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| | مَعَهٗ | مَ عَ ہُوْ | اس کے ساتھ (اور بھی) | | مَع اَہل وعَیَال، مَعِیَّت |
| | لَافْتَدَوْا | لَفْ تَ دَ ا ؤْ | تو وہ ضرور فدیے میں دے دیں | ف د ی | فِدا ہونا، فِدوِی، فِدیہ دینا |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اسے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ سُوْٓءِ | مِنْ سُوْ...ءِ | بُرے سے (بچنے کے لئے) | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | الْعَذَابِ | لْ عَ ذَا بِ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | يَوْمَ | يَا وْ مَ | دن | ی و م | یَومِ قائِد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | الْقِيٰمَةِ ط | لْ قِ يَا مَ ةِ | قیامت کے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | وَبَدَا | وَ بَ دَا | اور ظاہر ہوجائیں گی | ب د و | بَادِیُ النَّظَر، مُبدِی (ظاہر کرنیوالا) |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |

وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط وَبَدَا لَهُمْ

تو بھی بدترین سزا کے بدلے میں قیامت کے دن یہ سب کچھ دے دیں، اور ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ ظاہر ہوگا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ اللّٰهِ | م مِنَ لْ لَا هِ | اللہ کی طرف سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَا | مَا | وہ (عذاب) جس کا | | مَاحول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | لَمْ يَكُوْنُوْا | لَمْ يَ كُوْ نُوْ | وہ نہیں تھے | ك و ن | |
| | يَحْتَسِبُوْنَ ۴۷ | يَ حْ تَ سِ بُوْ نَ | گمان کرتے | ح س ب | حَسَب و گُماں، حَسبِیَ اللہ، حَسبُنَا اللہ |
| ۴۸ | وَبَدَا | وَ بَ دَا | اور ظاہر ہوجائیں گے | ب د و | بَادِیُ النَّظَر، مُبدِی (ظاہر کرنیوالا) |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | سَيِّاٰتُ | سَا ئِ يِ آ تُ | بُرائیاں | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | مَا كَسَبُوْا | مَا كَ سَ بُوْ | ان (عملوں) کی جو انہوں نے کمائے ہوں گے | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فَیض |
| | وَحَاقَ | وَ حَا قَ | اور گھیر لے گا | ح و ق | |

مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۴۷ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ

جس کا گمان بھی انہیں نہ تھا ۴۷ جو کچھ انہوں نے کیا تھا اس کی بُرائیاں ان پر کھل پڑیں گی اور جس کا وہ مذاق کرتے تھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهِمْ | بِ هِمْ | انہیں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّا | م مَا | وہ (عذاب) کہ | | مَا حول، مَا فوقُ الفِطرت، مَا جرَہ |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کا | | |
| | يَسْتَهْزِءُوْنَ ۴۸ | یَسْ تَ ہْ زِ ءُ وْ ن | مذاق اُڑاتے | ه ز ء | اِستہزاء کرنا (ہنسی مذاق کرنا) |
| ۴۹ | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | مَسَّ | مَس سَ | پہنچتی ہے | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | الْاِنْسَانَ | لْ اِنْ سَا نَ | انسان کو | ء ن س | اِنسانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | ضُرٌّ | ضُرْ رُنْ | کوئی تکلیف | ض ر ر | ضَرر رساں، مُضرِ صحت، مَسجدِ ضَرار |
| | دَعَانَا ز | دَ عَا نَا | تو وہ ہمیں پکارتا ہے | د ع و | دُعا دینا، دَعوت دینا، مدّعُو کرنا |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمّ آمین |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۴۸ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ز ثُمَّ اِذَا

وہ انہیں آگھیرے گا ۴۸ انسان کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارنے لگتا ہے، پھر جب ہم اسے اپنی طرف سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَوَّلْنٰهُ | خَ وْ وَلْ نَا ہُ | ہم اسے عطا کر دیتے ہیں | خ و ل | |
| | نِعْمَةً | نِ عْ مَ تَہْ | کوئی نعمت | ن ع م | نِعمت، اِنعام یافتہ، نَعیم (نام) |
| | مِّنَّا لا | م مِن نَا | اپنی طرف سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | قَالَ | قَا لَ | تو کہتا ہے | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّمَآ | اِن نَ مَا | بس | | مَا حول، مَا فوقُ الفِطرت، مَا جرَہ |
| | اُوْتِيْتُهٗ | اُوْ تِيْ تُ ہُوْ | مجھے یہ دی گئی ہے | ء ت ی | |
| | عَلٰى عِلْمٍ ط | عَ لَا عِلْ م | میرے علم کی بدولت | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں) بلکہ | | |
| | هِيَ | ہِ یَ | وہ (تو) | | |
| | فِتْنَةٌ | فِتْ نَ تُنْ | ایک آزمائش ہے | ف ت ن | فِتنہ پَرور، فِتنہ باز، پُرفِتن دَور |
| | وَّلٰكِنَّ | وَلَا کِن نَ | اور لیکن | | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلَم |

خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ۭ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ

کوئی نعمت عطا فرما دیں تو کہنے لگتا ہے کہ اسے تو میں محض اپنے علم کی وجہ سے دیا گیا ہوں، بلکہ یہ آزمائش ہے لیکن ان میں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَكْثَرَهُمْ | اَکْ ثَ رَ ہُمْ | ان میں سے اکثر | ك ث ر | خیرِکثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | لَا يَعْلَمُوْنَ ۴۹ | لَا یَ عْ لَ مُوْنَ | نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| ۵۰ | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | قَالَهَا | قَا لَ ہَ | یہی بات کہی تھی | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں نے (بھی) جو | | |
| | مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنْ قَبْ لِ ہِمْ | ان سے پہلے ہوئے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | فَمَآ اَغْنٰى | فَ مَا.. اَغْ نَا | پھر کام نہ آیا | غ ن ی | عَبدُالغنی، مُستغنی، اَغنیاء، غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان کے | | |
| | مَّا | مْ مَا | وہ جو | | ماشاءَاللہ، مافوقَ الفطرت، ماتحت |

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۴۹ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا

اکثر لوگ بے علم ہیں ۴۹ ان سے اگلے بھی یہی بات کہہ چکے ہیں پس ان کی کارروائی ان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | تھے | ك و ن | |
| | يَكْسِبُوْنَ ۵۰ | یَ کْ سِ بُوْنَ | وہ کماتے | ك س ب | کسبِ کثیر، کسبِ حلال، کسبِ فیض |
| ۵۱ | فَاَصَابَهُمْ | فَ اَصَا بَ ہُمْ | چنانچہ انہیں پہنچیں | ص و ب | مُصیبت، صَواب، صائب |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَيِّاٰتُ | سَا ئِ يِ آ تُ | بُرائیاں | س و ء | سیئات، اَعمالِ سَیِّئَہ، بِدعتِ سَیِّئَہ |
| | مَا | مَا | ان کی جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كَسَبُوْا ط | کَ سَ بُوْ | انہوں نے کمائے | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فَیض |
| | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ ي نَ | اور وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | مِنْ هٰٓؤُلَآءِ | مِنْ ہَا..ءُ لَآ...ءِ | ان میں سے | | |

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۞٥٠ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ط وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ

کچھ کام نہ آئی ۞٥٠ پھر ان کی تمام بُرائیاں ان پر آ پڑیں، اور ان میں سے بھی جو گناہ گار ہیں ان کی کی ہوئی بُرائیاں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَيُصِيْبُهُمْ | سَ يُ صِيْ بُ ہُمْ | عنقریب انہیں پہنچیں گی | ص و ب | مُصیبت، صَواب، صَائِب |
| | سَيِّاٰتُ | سَا ئِ يِ آ تُ | بُرائیاں | س و ء | عُلمَاءِ سُوء، اَخلَاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | مَا | مَا | ان کی جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كَسَبُوْا لا | کَ سَ بُوْ | انہوں نے کمائے ہوں گے | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فَیض |
| | وَمَا هُمْ | وَ مَا ہُمْ | اور وہ نہیں ہیں | | شِیر و شَکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | بِمُعْجِزِيْنَ ۞٥١ | بِ مُ عْ جِ زِ يْنَ | عاجز کرنے والے | ع ج ز | عِجز و نیاز، عَاجِزی وانکساری |
| ٥٢ | اَوَ | اَ وَ | اور کیا | | |
| | لَمْ يَعْلَمُوْٓا | لَمْ يَ عْ لَ مُوْ.. | انہوں نے نہیں جانا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بلاشہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا لا وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۞٥١ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

اب ان پر آ پڑیں گی، یہ (ہمیں) ہرا دینے والے نہیں ۞٥١ کیا انہیں یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَبْسُطُ | يَبْ سُ طُ | کشادہ کرتا ہے | ب س ط | بَساط لپیٹنا، عَبْدُ الْبَاسِط، مَبْسُوط |
| | الرِّزْقَ | رِ رِزْ قَ | رزق | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزَّاق، رِزقِ حلال |
| | لِمَنْ | لِ مَا مِيْں | جس کے لئے | | |
| | يَّشَآءُ | یَ شَا...ءُ | وہ چاہے | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَا شَاءَ اللہ، مَشِیتِ الٰہی |
| | وَيَقْدِرُ ط | وَ یَ قْ دِ رُ | اور تنگ کرتا ہے (جس کے لئے چاہے) | ق د ر | مِقدار، بِقَدرِ ضَرُورَت، قُدرَت، حِصّہ بِقَدرِ جُثّہ، مُقَدَّر، تَقدِیر |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَا لِ كَ | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ یَا تٍ | یقیناً عظیم نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِیْں | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسٰی |
| | يُّؤْمِنُوْنَ ۝۵۲ | یُ x مِ نُوْ نَ | جو ایمان رکھتے ہیں | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۵۲ ع

ع ۱۱ ۲

روزی کشادہ کر دیتا ہے اور تنگ (بھی)، ایمان لانے والوں کے لئے اس میں (بڑی بڑی) نشانیاں ہیں ۝۵۲

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰعِبَادِيَ | یَا عِ بَا دِ یَ | اے میرے بندو! | ع ب د | عَبدُ اللہ، عِباد، عِبادُ الرَّحمٰن |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ جنہوں نے | | |
| | اَسْرَفُوْا | اَ سْ رَ فُوْ | ظلم کیا ہے | س ر ف | اِسراف و تَبذِیر، مُسرِف (فضول خرچ) |
| | عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ | عَ لَا.. اَ نْ فُ سِ ہِمْ | اپنی جانوں پر | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسا نَفسی، تَنَفُّس |
| | لَا تَقْنَطُوْا | لَا تَقْ نَ طُوْ | تم مایوس نہ ہو | ق ن ط | |
| | مِنْ رَّحْمَةِ | مِ رْ رَحْ مَ ةِ | رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم و کَرَم |
| | اللّٰهِ ط | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

(میری جانب سے) کہہ دو کہ اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جاؤ، بالیقین

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | ل لا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | يَغْفِرُ | یَ غ فِ رُ | معاف کر دیتا ہے | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | الذُّنُوْبَ | ذ ذُ نُو بَ | گناہ | ذ ن ب | ذَنبِ صَغیر، ذَنبِ کَبیر |
| | جَمِيْعًا ۭ | جَ مِی عَا | سب کے سب | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| | اِنَّهٗ هُوَ | اِن نَ ہُو ہُ وَ | یقیناً وہی | | |
| | الْغَفُوْرُ | لْ غَ فُو رُ | بڑا بخشنے والا | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | الرَّحِيْمُ ۝٥٣ | رر حِی م | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرَم |
| ۵۴ | وَاَنِيْبُوْٓا | وَ اَ نِی بُو.. | اور تم رجوع کرو | ء ن ب | مُنیبُ الرَّحمٰن، اِنابَت (رُجوع کرنا) |
| | اِلٰى رَبِّكُمْ | اِلاَ رَب بِ کُ مْ | اپنے رب کی طرف | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |

اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝٥٣ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ

اللہ تعالیٰ سارے گناہوں کو بخش دیتا ہے، واقعی وہ بڑی بخشش بڑی رحمت والا ہے ۝٥٣ تم (سب) اپنے پروردگار کی طرف جھک پڑو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَسْلِمُوْا | وَ اَ سْ لِ مُو | اور تم مطیع ہو جاؤ | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تَسلیم |
| | لَهٗ | لَ ہُو | اس کے | | |
| | مِنْ قَبْلِ | مِنْ قَبْ لِ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |
| | اَنْ | اَ ئِیْں | کہ | | |
| | يَّاْتِيَكُمُ | یَ x تِ یَ کُ مُ | تم پر آ جائے | ء ت ی | |
| | الْعَذَابُ | لْ عَ ذَا بُ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ | لَا تُنْ صَ رُوْ ن | تمہاری مدد نہ کی جائے | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، اَنصَارِ مَدِینَہ |
| ۵۵ | وَاتَّبِعُوْٓا | وَ ت تَ بِ عُوْ.. | اور تم پیروی کرو | ت ب ع | تَابِعدَار، تَابِعِ فرمَاں، اِتّبَاعِ سُنَّت |

وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاتَّبِعُوْٓا

اور اس کی حکم برداری کئے جاؤ اس سے قبل کہ تمہارے پاس عذاب آ جائے اور پھر تمہاری مدد نہ کی جائے ﴿۵۴﴾ اور پیروی کرو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَحْسَنَ مَآ | اَ حْ سَ نَ مَا.. | اس بہترین (بات) کی جو | ح س ن | حَسَن، اِحسَان، مُحسِن، اَحسَنُ الجَزَاء |
| | اُنْزِلَ | اُنْ زِ لَ | نازل کی گئی | ن ز ل | نَازِل، اِنزَال، نُزُول قُرآن |
| | اِلَيْكُمْ | اِ لَا ئِ كُ مْ | تمہاری طرف | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | م مِر رَ ب بِ كُ مْ | تمہارے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | مِّنْ قَبْلِ | م مِنْ قَبْ لِ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طعَام والکَلَام |
| | اَنْ | آ ئِیْں | کہ | | |
| | يَّاْتِيَكُمُ | یَ x تِ یَ كُ مُ | تم پر آ جائے | ء ت ی | |
| | الْعَذَابُ | لْ عَ ذَا بُ | عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم<br>عَذَابِ آخرت |
| | بَغْتَةً | بَغْ تَ تَا ؤں | اچانک | | |

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً

اس بہترین چیز کی جو تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل کی گئی ہے، اس سے پہلے کہ تم پر اچانک عذاب آ جائے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّاَنْتُمْ | وَ اَنْ تُمْ | جبکہ تم | | شَان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ | لَا تَشْ عُ رُوْ ن | شعور نہ رکھتے ہو | ش ع ر | شُعُوری طور پر، لَاشُعُوری طور پر |
| ۵۶ | اَنْ | اَنْ | (ایسا نہ ہو) کہ | | |
| | تَقُوْلَ | تَ قُوْ لَ | کہے | ق و ل | قَول وقرَار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَفْسٌ | نَفْ سُوْ ئِيْ | کوئی نفس: | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتنفّس |
| | يّٰحَسْرَتٰى | يَا حَسْ رَتَا | ہائے افسوس! | ح س ر | حسرت بھری نِگاہیں، حسرتین |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | اس پر جو | | عَلیٰ وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلَان<br>مَاحَول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجِرہ |
| | فَرَّطْتُّ | فَر رَت تُ | میں نے کوتاہی کی | ف ر ط | اِفرَاط وتفرِیط، فَرطِ مُسرّت |
| | فِيْ جَنْۢبِ | فِيْ جَمْ بِ | حق میں | ج ن ب | فِی الحَال، فِی الفور، فِی الوَقت |

وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ

اور تمہیں اطلاع بھی نہ ہو ﴿٥٥﴾ (ایسا نہ ہو کہ) کوئی شخص کہے ہائے افسوس! اس بات پر کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حق میں کوتاہی کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور بلاشبہ | | سَیر وسَیاحت، علم وحکمت، شب وروز<br>اِن شَاءَ اللہ |
| | كُنْتُ | كُنْ تُ | میں تھا | ك و ن | |
| | لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ | لَ مِنَ سَا خِ رِيْنَ | یقیناً ٹھٹھا کرنے والوں میں سے | س خ ر | مسخَراپَن، تمسخُر اُڑانا |
| ٥٧ | اَوْ | آ ؤْ | یا | | |
| | تَقُوْلَ | تَ قُوْ لَ | کہے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَوْ | لَا ؤْ | اگر | | |
| | اَنَّ | اَن نَ | بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | هَدٰىنِيْ | هَ دَا نِيْ | مجھے ہدایت دیتا | ہ د ی | ہِدایت، ہَادیٔ عالَم، ہَادیٔ کائنات |
| | لَكُنْتُ | لَ كُنْ تُ | تو میں ضرور ہوجاتا | ك و ن | |

اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ

بلکہ میں تو مذاق اُڑانے والوں میں ہی رہا ﴿٥٦﴾ یا کہے کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت کرتا تو میں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝٥٧ لا | مِ نَلْ مُت تَ قِیْ ن | پرہیزگاروں میں سے | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |
| ٥٨ | اَوْ | آ ؤْ | یا | | |
| | تَقُوْلَ | تَ قُوْ لَ | وہ کہے | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | حِيْنَ | حِیْ نَ | جس وقت | ح ی ن | |
| | تَرَى | تَ رَ | دیکھے گا | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | الْعَذَابَ | لْ عَ ذَا بَ | عذاب: | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |
| | لَوْ | لَا ؤْ | اگر | | |
| | اَنَّ | اَن نَ | بے شک | | |
| | لِيْ | لِیْ | میرے لئے ہو | | |
| | كَرَّةً | کَر رَ تَنْ | ایک بار لوٹنا | ك ر ر | حیدرِ کرّار، تکرار، مکرّر |
| | فَاَكُوْنَ | فَ اَ کُوْ نَ | تو میں ہو جاؤں گا | ك و ن | |

مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝٥٧ لا اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ

پارسا لوگوں میں ہوتا ۝٥٧ یا عذاب کو دیکھ کر کہے کاش! کہ کسی طرح میرا لوٹ جانا ہو جاتا تو میں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝٥٨ | مِ نَلْ مُ حْ سِ نِیْ ن | نیکوکاروں میں سے | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسن، اَحسَنُ الجزاء |
| ٥٩ | بَلٰى | بَ لَا | کیوں نہیں! | | |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | جَآءَتْكَ | جَا... ءَ تْ كَ | تیرے پاس آئی تھیں | ج ی ء | |
| | اٰيٰتِيْ | آ یَا تِیْ | میری آیتیں | ء ی ی | آیت، آیات (نشانیاں)، آیاتِ بیّنہ |
| | فَكَذَّبْتَ | فَ كَذْ ذَ بْ تَ | تو تُو نے جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | بِهَا | بِ هَا | انہیں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاسْتَكْبَرْتَ | وَ سْ تَ كْ بَ رْ تَ | اور تو نے تکبر کیا | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، کَبیرہ |
| | وَكُنْتَ | وَ كُ نْ تَ | اور تو تھا | ك و ن | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ

نیکوکاروں میں ہو جاتا ﴿۵۸﴾ ہاں (ہاں)! بیشک تیرے پاس میری آیتیں پہنچ چکی تھیں جنہیں تو نے جھٹلایا اور غرور و تکبر کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
الْغَفَّارِ ۝٤٢ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا

دعوت دے رہا ہوں ۝٤٢ یہ یقینی امر ہے کہ تم مجھے جس کی طرف بلا رہے ہو وہ تو نہ دنیا میں پکارے جانے کے قابل ہے نہ آخرت میں، اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاٰخِرَةِ | فِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت میں | ء خ ر | آخِرَت کا دن، اُخروِی کامیابی آخِرَت کا سفر |
| | وَاَنَّ | وَ اَن نَ | اور بلاشبہ | | قَول وقَرَار، حُزن و مَلَال، غَم و حُزن |
| | مَرَدَّنَآ | مَ رَ دْ دَ نَا.. | ہمارا لوٹنا | ر د د | رَدّ کرنا، تَردِید کرنا، رَدِّ کُفر، مَردُود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَى اللّٰهِ | اِلَل لَاہِ | اللہ کی طرف ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَ اَنَّ | وَ اَن نَ | اور بلاشبہ | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | الْمُسْرِفِيْنَ | اَل مُس رِفِیْ نَ | حد سے بڑھنے والے | س ر ف | اِسراف وتبذیر، مُسرِف (فضول خرچ) |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہی ہیں | | |
| | اَصْحٰبُ | اَص حَا بُ | اصحاب | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |
| | النَّارِ ۝٤٣ | ن نار | دوزخ | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |

فِي الْاٰخِرَةِ وَ اَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَ اَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝٤٣

یہ (بھی یقینی بات ہے) کہ ہم سب کا لوٹنا اللہ تعالیٰ کی طرف ہے اور حد سے گزر جانے والے ہی (یقیناً) اہل دوزخ ہیں ۝٤٣

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٤٤ | فَسَتَذْكُرُوْنَ | فَ سَ تَ ذْ کُ رُوْ نَ | سوعنقریب تم یاد کرو گے | ذ ک ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | مَآ | مَا.. | جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | اَقُوْلُ | اَ قُوْ لُ | میں کہتا ہوں | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | لَكُمْ ؕ | لَ کُ مْ | تم سے | | |
| | وَ اُفَوِّضُ | وَ اُ فَا وْ وِ ضُ | اور میں سونپتا ہوں | ف و ض | تَفوِیض کرنا (کام سونپنا)، تَفوِیض کار |
| | اَمْرِيْٓ | اَمْ رِیْ.. | اپنا معاملہ | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اِلَى اللّٰهِ ؕ | اِلَل لَاہْ | اللہ کی طرف | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَاہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | بَصِيْرٌۢ | بَ صِیْ رُمْ | خوب دیکھ رہا ہے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصار |

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ

پس آگے چل کر تم میری باتوں کو یاد کرو گے میں اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں، یقیناً اللہ تعالیٰ بندوں کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ | بِلْ عِ بَا د | بندوں کو | ع ب د | عَبْدُاللہ، عِبَاد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | فَوَقٰىهُ | فَ وَ قَا ہُ | پھر اسے بچا لیا | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ۴۵ | اللّٰهُ | اَل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | سَيِّاٰتِ | سَا ئِ یِ آ تِ | اس کے بُرے نتائج سے | س و ء | عُلَمَاءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | مَا مَكَرُوْا | مَا مَ كَ رُو | جو انہوں نے مکر کیا | م ك ر | مَکر و فریب، مَاکر آدمی، مَکَّار |
| | وَحَاقَ | وَ حَا قَ | اور گھیر لیا | ح و ق | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |
| | بِاٰلِ فِرْعَوْنَ | بِ آ لِ فِ رْ عَا ؤ نَ | آلِ فرعون کو | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | سُوْٓءُ | سُو...ءُ | بُرے | س و ء | عُلَمَاءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ ج | لْ عَ ذَا ب | عذاب نے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |

بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ ج

نگران ہے ﴿۴۴﴾ پس اسے اللہ تعالیٰ نے تمام بدیوں سے محفوظ رکھ لیا جو انہوں نے سوچ رکھی تھیں اور فرعون والوں پر بُری طرح کا عذاب الٹ پڑا ﴿۴۵﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶ | اَلنَّارُ | اَن نَا رُ | جو آگ ہے | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنّم، نارِ سَمُوم |
| | يُعْرَضُوْنَ | یُ عْ رَ ضُو نَ | وہ پیش کئے جاتے ہیں | ع ر ض | عَرضی نَوِیس، مَعرُوضَات، عَرض کرنا |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئِ ہَا | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | غُدُوًّا | غُ دُو وَ اؤں | صبح | غ د و | |
| | وَّعَشِيًّا ج | وَ عَ شِی یَا | اور شام | ع ش ی | عِشَائیہ، نمازِ عِشاء، وقتِ عِشاء |
| | وَيَوْمَ | وَ یَا ؤ مَ | اور جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | تَقُوْمُ | تَ قُو مُ | قائم ہوگی | ق و م | قائم، قِیَامَت، اِقامت گاہ، مُقیم |
| | السَّاعَةُ قف | س سَا عَ ۃ | قیامت | س و ع | یَومُ السَّاعَۃ (قیامت کا دن)، سَاعَتِ کُبریٰ، سَاعَات |
| | اَدْخِلُوْٓا | اَ دْ خِ لُو.. | (کہا جائے گا:) داخل کرو | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارَتِ دَاخِلہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ عَشِيًّا ۚ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۛ قف اَدْخِلُوْٓا | | | | |
| | آگ ہے جس کے سامنے یہ ہر صبح شام لائے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی (فرمان ہوگا کہ) فرعونیوں کو | | | | |
| | اٰلَ فِرْعَوْنَ | آ لَ فِ رْ عَا ؤْ نَ | آلِ فرعون کو | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | اَشَدَّ | اَ شَ دْ دَ | سخت ترین | ش د د | شِدَّت، شِدَّتِ غم، تَشدِید، مُتشدّد |
| | الْعَذَابِ ﴿٤٦﴾ | لْ عَ ذَا بِ | عذاب میں | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| ٤٧ | وَ اِذْ | وَ اِ ذْ | اور جب | | شان وشوکت، صبرو تحمّل، ذِکرواذکار |
| | يَتَحَآجُّوْنَ | يَ تَ حَا... ج جُوْ نَ | وہ باہم جھگڑیں گے | ح ج ج | اِحتجاج، اِتمامِ حُجّت، کٹ حُجّتی |
| | فِی النَّارِ | فِنْ نَا رِ | جہنم میں | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَمُوم |
| | فَيَقُوْلُ | فَ يَ قُوْ لُ | تو کہیں گے | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | الضُّعَفٰٓؤُا | ضْ ضُ عَ فَا...ءُ | کمزور لوگ | ض ع ف | ضَعِیف، ضُعفاء، ضَعِیف آدمی |
| | اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿٤٦﴾ وَ اِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِی النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا | | | | |
| | سخت ترین عذاب میں ڈالو ﴿٤٦﴾ اور جب کہ دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو کمزور لوگ تکبر والوں سے | | | | |
| | لِلَّذِيْنَ | لِلْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں سے جنہوں نے | | |
| | اسْتَكْبَرُوْٓا | سْ تَ كْ بَ رُوْ.. | تکبر کیا: | ك ب ر | کِبَر، اَکبَر، کُبریٰ، کَبِیر، تکبُّر |
| | اِنَّا كُنَّا | اِنْ نَا كُنْ نَا | بلاشبہ ہم تو تھے | ك و ن | |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے ہی | | |
| | تَبَعًا | تَ بَ عَنْ | تابع | ت ب ع | تابِعدار، تابِع فَرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | فَهَلْ | فَ هَلْ | تو کیا | | |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |
| | مُّغْنُوْنَ | مُ غْ نُوْ نَ | ہٹا سکتے ہو | غ ن ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنَّا | عَن نَا | ہم سے | | |
| | نَصِيْبًا | نَ صِیْ بَ | کچھ حصہ | ن ص ب | نَصِیب، خُوش نَصِیب، بدنَصِیب |

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا

(جن کے یہ تابع تھے) کہیں گے کہ ہم تو تمہارے پیرو تھے تو کیا اب تم ہم سے اس آگ کا کوئی حصہ ہٹا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ | م مِ نَن نَا ر | آگ کا؟ | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنّم، نارِ سَمُوم |
| ۴۸ | قَالَ | قَا لَ | کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | اور لوگ جنہوں نے | | |
| | اسْتَكْبَرُوْٓا | س تَ کْ بَ رُوْ.. | تکبر کیا: | ك ب ر | کِبَر، اَکبَر، کُبریٰ، کَبِیر، تکبُّر |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | كُلٌّ | کُل لُن | سب ہی | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | فِيْهَآ | فِیْ ہَا.. | اس (آگ) میں ہیں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | اِنَّ اللّٰهَ | اِن نَ ل لَا ہَ | بلاشبہ اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | حَكَمَ | حَ کَ مَ | فیصلہ کر دیا ہے | ح ك م | حُکّام، مَحکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، تحکُّم |

مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ

سکتے ہو؟ ﴿۴۷﴾ وہ بڑے لوگ جواب دیں گے کہ ہم تو سبھی اس آگ میں ہیں، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے درمیان فیصلے کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَ | بَ ئِ نَ | درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ | لْ عِ بَا د | بندوں کے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| ۴۹ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ (سب) لوگ جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي النَّارِ | فِن نار | آگ میں ہوں گے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | لِخَزَنَةِ | لِ خَ زَ نَ ةِ | دربانوں سے: | خ ز ن | |
| | جَهَنَّمَ | جَ ہَن نَ مَ | جہنم کے | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | ادْعُوا | دْعُوْ | تم دعا کرو | د ع و | دُعا، دعوت، اَدعیہ، داعی الی اللہ |
| | رَبَّكُمْ | رَب بَ کُ مْ | اپنے رب سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | يُخَفِّفْ | یُ خَف فِف | وہ ہلکا کردے | خ ف ف | تخفیف کرنا، مُخفّف، خفیف (ہلکا) |

بَيْنَ الْعِبَادِ ۝٤٨ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ

چکا ہے ۝٤٨ اور (تمام) جہنمی مل کر جہنم کے داروغوں سے کہیں گے کہ تم ہی اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ وہ کسی دن تو ہمارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنَّا | عَن نا | ہم سے | | |
| | يَوْمًا | یَا وْ مَ | ایک دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | مِّنَ الْعَذَابِ ۝٤٩ | م مِ نَل عَ ذَا ب | کچھ عذاب | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنم عَذابِ آخرت |
| ٥٠ | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | وہ (دربان) کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اَوَ | اَ وَ | اور کیا | | |
| | لَمْ تَكُ | لَ مْ تَ کُ | نہیں تھے | ك و ن | |
| | تَاْتِيْكُمْ | تَ x تِیْ کُ مْ | آیا کرتے تمہارے پاس | ء ت ی | |
| | رُسُلُكُمْ | رُ سُ لُ کُ مْ | تمہارے رسول | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ محمدیہ |
| | بِالْبَيِّنٰتِ ؕ | بِلْ بَا ئِ یِ نا ت | واضح دلائل کے ساتھ؟ | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ۝٤٩ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا

عذاب میں کمی کردے ۝٤٩ وہ جواب دیں گے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے رسول معجزے لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَلٰى ط | بَ لَا | کیوں نہیں! | | |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | فَادْعُوْا ج | فَ دْعُوْ | تو تم (خود ہی) دعا کرو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں ہوگی | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | دُعٰٓؤُا | دُ عَا...ءُ | دعا | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | الْكٰفِرِيْنَ | لْ کَا فِ رِیْ نَ | کافروں کی | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | فِيْ ضَلٰلٍ ع ۵۰ | فِیْ ضَ لَا لْ | تباہی میں | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |
| ۵۱ | اِنَّا لَنَنْصُرُ | اِنْ نَا لَ نَنْ صُ رُ | بلاشبہ ہم ضرور مدد کرتے ہیں | ن ص ر | نُصرت، نَاصر، اَنصارِ مدینہ |
| | رُسُلَنَا | رُ سُ لَ نَا | اپنے رسولوں کی | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ محمّدیّہ |

ع ۵ ۱۳ ۱۰

بَلٰى ط قَالُوْا فَادْعُوْا ج وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ع ۝۵۰ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا

کیوں نہیں وہ کہیں گے کہ پھر تم ہی دعا کرو اور کافروں کی دعا محض بے اثر اور بے راہ ہے ۝۵۰ یقیناً ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالَّذِيْنَ | وَلْ لَ ذِیْ نَ | اور ان لوگوں کی جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، ایمان |
| | فِي الْحَيٰوةِ | فِلْ حَ یَا ۃِ | زندگی میں | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم، حَیاتِ طیّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَا | دْ دُنْ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | وَيَوْمَ | وَ یَا وْ مَ | اور اس دن (کہ جب) | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | يَقُوْمُ | یَ قُوْ مُ | کھڑے ہوں گے | ق و م | قِیام، قائم، مُقیم، اِقامتِ صلوٰۃ |
| | الْاَشْهَادُ لا ۵۱ | لْ اَشْ ہَا دُ | گواہ | ش ه د | شَہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| ۵۲ | يَوْمَ | یَا وْ مَ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يَنْفَعُ | لَا یَنْ فَ عُ | نفع نہیں دے گی | ن ف ع | نَفع، مُنافِع، مَنفِعَت |

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۟ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ

مدد زندگانی دنیا میں بھی کریں گے اور اس دن بھی جب گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے ﴿۵۱﴾ جس دن ظالموں کو ان کی (عذر)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الظّٰلِمِيْنَ | ظ ظَا لِ مِی نَ | ظالموں کو | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | مَعْذِرَتُهُمْ | مَ عْ ذِ رَ تُ هُمْ | ان کی معذرت | ع ذ ر | عُذر کرنا، مَعذِرَت کرنا |
| | وَ لَهُمُ | وَ لَ هُمُ | اور ان کے لئے ہوگی | | سَیر و سَیاحَت، عِلم و حِکمَت، شَب و روز |
| | اللَّعْنَةُ | ل لَ عْ نَ ةُ | لعنت | ل ع ن | لَعنَت کرنا، لَعِین، مَلعُون، لَعن طَعن |
| | وَ لَهُمْ | وَ لَ هُمْ | اور ان کے لئے ہوگا | | عَدل و اِنصاف، قَول و قَرار، مَکر و فَریب |
| | سُوْٓءُ | سُوْ... ءُ | انتہائی بُرا | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | الدَّارِ ﴿۵۲﴾ | د دَا ر | گھر | د و ر | دَارُ الفِکر، دَارُ الاِحسان، دِیَار |
| ۵۳ | وَ لَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شِیر و شَکَر، شَب و روز، اُمِید و رَجا |
| | اٰتَيْنَا | آ تَا یْ نَا | ہم نے دی | ء ت ی | |
| | مُوْسَى | مُوْ سَ | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |

الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَ لَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

معذرت کچھ نفع نہ دے گی ان کے لئے لعنت ہی ہوگی اور ان کے لئے بُرا گھر ہوگا ﴿۵۲﴾ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ہدایت نامہ عطا فرمایا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْهُدٰى | لْ هُ دَا | ہدایت | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیِ عَالَم، ہَادِیِ کائنات |
| | وَ اَوْرَثْنَا | وَ اَ وْ رَ ثْ نَا | اور ہم نے وارث بنایا | و ر ث | وَارِث، عِلم وَرَاثَت، مَورُوثی |
| | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | بَ نِیْ... اِسْ رَا... ءِیْ لَ | بنی اسرائیل کو | | بَنِیْ اِسْرَائِیل (حضرت یعقوب علیہ السلام کی آل اولاد) |
| | الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ | لْ کِ تَا بَ | کتاب کا | ک ت ب | کِتابِ حِکمَت، کِتابُ اللہ، کِتابَت |
| ۵۴ | هُدًى | هُ دَا وْ نْ | برائے ہدایت | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیِ عَالَم، ہَادِیِ کائنات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ ذِكْرٰى | وَ ذِ كْ رَا | اور نصیحت | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |
| | لِاُولِي | لِ اُ لِ | والوں کے لئے | | اُولُوالعَزم، اُولُوالاَمر، اُولُوالعِلم |
| | الْاَلْبَابِ ۵۴ | لْ اَلْ بَا ب | عقل | ل ب ب | لُبِّ لُبَاب، لَبِیب آدمی (عقلمند) |

الْهُدٰى وَ اَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ۵۳ هُدًى وَّ ذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۵۴

اور بنو اسرائیل کو اس کتاب کا وارث بنایا ۵۳ کہ وہ ہدایت و نصیحت تھی عقل مندوں کے لئے ۵۴

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۵ | فَاصْبِرْ | فَ صْ بِ رْ | لہٰذا آپ صبر کیجئے | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرِین |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | وَعْدَ | وَ عْ دَ | وعدہ | و ع د | وَعدہ وَفَائی، وَعدہ ووَعِید، وَعدہ کرنا |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | حَقٌّ | حَ قْ قُنْ | سچا ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | وَّاسْتَغْفِرْ | وَ سْ تَ غْ فِ رْ | اور آپ معافی مانگیے | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُالغَفُور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | لِذَنْۢبِكَ | لِ ذَ مْ بِ كَ | اپنے گناہ کی | ذ ن ب | ذَنْبِ صَغِیر، ذَنْبِ کَبِیر |
| | وَسَبِّحْ | وَ سَبْ بِ حْ | اور پاکیزگی بیان کیجئے | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحَان، تَسبِیح وتَحمِید |
| | بِحَمْدِ | بِ حَ مْ دِ | حمد کے ساتھ | ح م د | حَمد و ثَنَاء، حَامد، مَحمُود، مُحَمَّد |
| | رَبِّكَ | رَ بْ بِ كَ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | بِالْعَشِيِّ | بِلْ عَ شِيْ يِ | شام کو | ع ش ی | عِشَائیہ، نَمَازِ عِشَاء، وَقتِ عِشَاء |

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ

پس اے نبی! تو صبر کر اللہ تعالیٰ کا وعدہ بلاشک (وشبہ) سچا ہی ہے تو اپنے گناہ کی معافی مانگتا رہ اور صبح و شام اپنے پروردگار کی تسبیح اور حمد

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاِبْكَارِ ۵۵ | وَلْ اِبْ كَا رِ | اور صبح کو | ب ك ر | بَاکِرہ عورت، بَاکِرہ لڑکی (کنواری) |
| ۵۶ | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يُجَادِلُوْنَ | یُ جَا دِ لُوْ نَ | جھگڑتے ہیں | ج د ل | جنگ وجدَل، مُجَادلہ، سُورۃُ الْمُجَادَلَہ |
| | فِيْٓ اٰيٰتِ | فِيْ.. آ یَا تِ | آیتوں میں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیاتِ قُرآنیہ، آیاتِ بیّنہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | بِغَيْرِ | بِ غَا ئِ رِ | بغیر | غ ی ر | غیرمُلکی، غیر مشروط، غیراللہ |
| | سُلْطٰنٍ | سُلْ طَا نِنْ | کسی دلیل کے | س ل ط | سُلطان (کوئی دلیل)، سُلطانی گواہ |
| | اَتٰىهُمْ ۙ | اَ تَا ہُمْ | جو ان کے پاس آئی ہو | ء ت ی | |
| | اِنْ | اِنْ | نہیں ہے | | |

وَالْاِبْكَارِ ۝٥٥ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ

بیان کرتا رہ ۝٥٥ جو لوگ باوجود اپنے پاس کسی سند کے نہ ہونے کے آیاتِ الٰہی میں جھگڑا کرتے ہیں ان کے دلوں میں سوائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ صُدُوْرِهِمْ | فِيْ صُ دُوْ رِ ہِمْ | ان کے سینوں میں | ص د ر | صدری علم، شرحِ صدر، شقِّ صدر |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | كِبْرٌ | کِبْ رُ | بڑائی (کا خبط) | ک ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبِیر، تَکبُّر |
| | مَّا | م مَا | نہیں ہیں | | |
| | هُمْ | ہُمْ | وہ | | |
| | بِبَالِغِيْهِ ۚ | بِ بَا لِ غِیْ ہِ | اس تک پہنچنے والے | ب ل غ | بَالغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | فَاسْتَعِذْ | فَ سْ تَ عِ ذْ | لہٰذا آپ پناہ مانگیے | ع و ذ | تعوّذ، اِستعاذہ (پناہ مانگنا)، اَعُوذُ بِاللہ پڑھنا |
| | بِاللّٰهِ ۭ | بِل لَا ہِ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اِنَّهٗ هُوَ | اِن نَ ہُوْ ہُ وَ | بلاشبہ وہی | | |
| | السَّمِيْعُ | س سَ مِیْ عُ | خوب سننے والا | س م ع | سَامع، قوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

نری بڑائی کے اور کچھ نہیں ، وہ اس تک پہنچنے والے ہی نہیں سو تو اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا رہ بیشک وہ پورا سننے والا اور سب سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْبَصِيْرُ ۝٥٦ | لْ بَ صِیْ رْ | خوب دیکھنے والا ہے | ب ص ر | بصارت، بصیرت، ابصار |
| ٥٧ | لَخَلْقُ | لَ خَ لْ قُ | بلاشبہ پیدائش | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سماوی کتب ، ارض وسماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَ رْ ضِ | اور زمین کی | ء ر ض | ارض وسماء، اراضی، کرۂ ارض |
| | اَكْبَرُ | اَ کْ بَ رُ | زیادہ بڑی (بات) ہے | ك ب ر | کبر، اکبر، کبریٰ، کبیر، کبیرہ |
| | مِنْ خَلْقِ | مِنْ خَ لْ قِ | پیدائش سے | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگوں کی | ن و س | خیر النّاس، عامۃ النّاس، عوام النّاس |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا کِنْ نَ | اور لیکن | | شان وشوکت، صبر وتحمل، ذکر واذکار |
| | اَكْثَرَ | اَ کْ ثَ رَ | اکثر | ك ث ر | خیر کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |

الْبَصِيْرُ ۝٥٦ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

زیادہ دیکھنے والا ہے ۝٥٦ آسمان وزمین کی پیدائش یقیناً انسان کی پیدائش سے بہت بڑا کام ہے، لیکن (یہ اور بات ہے کہ) اکثر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگ | ن و س | خیر النّاس، عامۃ النّاس، عوام النّاس |
| | لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٥٧ | لَا یَ عْ لَ مُوْ نَ | نہیں جانتے | ع ل م | علم، تعلیم، معلّم، معلوم، علّامہ |
| ٥٨ | وَمَا يَسْتَوِي | وَ مَا یَسْ تَ وِ | اور نہیں برابر ہوتا | س و ی | تسویۃ الصفوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مساوات، مساوی |
| | الْاَعْمٰى | لْ اَ عْ مَا | اندھا | ع م ی | اعمیٰ آدمی (اندھا آدمی) |
| | وَالْبَصِيْرُ ۙ | وَلْ بَ صِیْ رُ | اور دیکھنے والا | ب ص ر | بصارت، بصیرت، ابصار |
| | وَالَّذِيْنَ | وَلْ لَ ذِیْ نَ | اور (نہ) وہ لوگ جو | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکر وفریب |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | امن وامان، مومن، ایمان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کیے | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عامِل، مَعمول |

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

لوگ بے علم ہیں ﴿٥٧﴾ اندھا اور بینا برابر نہیں نہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور بھلے کام کئے بدکاروں کے (برابر ہیں) تم (بہت)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| | وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ | وَ لَلْ مُ سِیْ ... ء | اور نہ بُرائی کرنے والا | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | قَلِيْلًا مَّا | قَ لِیْ لَمْ مَا | بہت ہی تھوڑی | ق ل ل | قلیل، اَقلیّت، قِلّت |
| | تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٥٨﴾ | تَ تَ ذَ كْ كَ رُوْ نَ | تم نصیحت پکڑتے ہو | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکر |
| ٥٩ | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | السَّاعَةَ | س سَا عَ ةَ | قیامت | س و ع | یَومُ السّاعۃ (قیامت کا دن)، ساعتِ کُبریٰ، ساعات |
| | لَاٰتِيَةٌ | لَ آ تِ یَ ةٌ | یقیناً آنے والی ہے | ء ت ی | |
| | لَّا رَيْبَ | ل لَا رَ اَئِ بَ | نہیں کوئی شک | ر ی ب | لاریب کتاب، لاریب بات |

الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٥٨﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ

کم نصیحت حاصل کر رہے ہو ﴿٥٨﴾ قیامت بالیقین اور بے شبہ آنے والی ہے، لیکن (یہ اور بات ہے کہ) بہت سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ هَا | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا كِن نَ | اور لیکن | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رَجا |
| | اَكْثَرَ | اَ كْ ثَ رَ | اکثر | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگ | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٩﴾ | لَا یُ x مِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن و اَمان، مؤمن، ایمان |
| ٦٠ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | رَبُّكُمُ | رَ ب بُ كُ مُ | تمہارے ربّ نے: | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ادْعُوْنِيْٓ | دْ عُو نِيْ.. | تم مجھے پکارو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ | اَ سْ تَ جِبْ لَ كُ مْ | میں تمہاری پکار قبول کروں گا | ج و ب | اِیجاب وقبول، مُجیبُ الدَّعوات، مُستجابُ الدَّعوات، اِجابتِ دُعا |

فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ

لوگ ایمان نہیں لاتے ﴿٥٩﴾ اور تمہارے ربّ کا فرمان (سرزد ہو چکا) ہے کہ مجھ سے دُعا کرو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يَسْتَكْبِرُوْنَ | يَسْ تَ كْ بِ رُوْ نَ | تکبر کرتے ہیں | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، تکبُّر |
| | عَنْ عِبَادَتِيْ | عَنْ عِ بَا دَ تِيْ | میری عبادت سے | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابد، مَعبُود |
| | سَيَدْخُلُوْنَ | سَ يَ دْ خُ لُوْ نَ | عنقریب وہ داخل ہوں گے | د خ ل | داخِل، دُخول، وَزارتِ داخلہ |
| | جَهَنَّمَ | جَ هَن نَ مَ | جہنم میں | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | دٰخِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ ع | دَا خِ رِيْن | ذلیل ہوکر | د خ ر | |
| ٦١ | اَللّٰهُ | اَ ل لَا هُ | اللہ ہی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

ع ٦

اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ ع اَللّٰهُ

یقین مانو کہ جولوگ میری عبادت سے خودسری (تکبر) کرتے ہیں وہ ابھی ابھی ذلیل ہوکر جہنم میں پہنچ جائیں گے ﴿٦٠﴾ اللہ تعالیٰ نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِيْ | وہ ذات ہے جس نے | | |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الَّيْلَ | ل لَا ئِ لَ | رات کو | ل ی ل | لَیل ونَہار، لَیلَۃُ القدر، قِیَامُ اللَّیل |
| | لِتَسْكُنُوْا | لِ تَسْ كُ نُوْ | تاکہ تم آرام کرو | س ك ن | سَاکِن، مَسکَن، مَسَاکِن، سُکُونت |
| | فِيْهِ | فِيْ هِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالنَّهَارَ | وَن نَ ہَا رَ | اور (بنایا) دن کو | ن ھ ر | لَیل ونَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | مُبْصِرًا ؕ | مُبْ صِ رَا | دکھانے والا | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصار |
| | اِنَّ اللّٰهَ | اِن نَ ل لَا ہَ | بلاشبہ اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَذُوْ فَضْلٍ | لَ ذُوْ فَضْ لِنْ | یقیناً بڑے فضل والا ہے | ف ض ل | فَضل، فَضِیلَت، اَفْضَل، فَضَائل |

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ

تمہارے لئے رات بنا دی کہ تم اس میں آرام حاصل کرو اور دن کو دیکھنے والا بنا دیا، بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل و کرم والا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى النَّاسِ | عَ لَن نَا سِ | لوگوں پر | ن و س | خَیرُالنَّاس، عَامّۃُالنّاس، عَوامُ النَّاس |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا کِن نَ | اور لیکن | | شِیرُ وشَکَر، شَب و روز، اُمِید و رَجَا |
| | اَكْثَرَ | اَ کْ ثَ رَ | اکثر | ك ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگ | ن و س | خَیرُالنَّاس، عَامّۃُالنّاس، عَوامُ النَّاس |
| | لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿٦١﴾ | لَا یَشْ کُ رُوْ ن | شکر نہیں کرتے | ش ك ر | شُکر، شَاکِر، مَشکُور، شُکرَانِ نعمت |
| ٦٢ | ذٰلِكُمُ | ذَا لِ كُ مُ | یہ ہے | | |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | رَبُّكُمْ | رَب بُ كُ مْ | تمہارا ربّ | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | خَالِقُ | خَا لِ قُ | جو پیدا کرنے والا ہے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |

عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿٦١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ

وقف لازم

لیکن اکثر لوگ شکر گزاری نہیں کرتے ﴿٦١﴾ یہی اللہ تعالیٰ ہے تم سب کا ربّ ہر چیز کا خالق اس کے سوا کوئی معبود نہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُلِّ | كُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَیْءٍ ۘ | شَا ئِ ء | چیز کا | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضُروریہ<br>شَئے، اَشیائے خُورد ونوش |
| | لَاۤ اِلٰهَ | لَا... اِ لَا ہَ | نہیں کوئی معبود | ء ل ہ | لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ<br>اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّآ | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | هُوَ ؕ | ہُ وَ | وہی | | |
| | فَاَنّٰى | فَ اَن نَا | پھر کہاں | | |
| | تُؤْفَكُوْنَ ۝٦٢ | تُ x فَ کُوْ نَ | تم بہکائے جاتے ہو؟ | ء ف ك | وَاقِعَہ اِفک |
| ٦٣ | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | يُؤْفَكُ | یُ x فَ کُ | بہکائے جاتے رہے | ء ف ك | وَاقِعَہ اِفک |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | تھے | ك و ن | |

كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝٦٢ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا

پھر کہاں تم پھرے جاتے ہو ۝٦٢ اسی طرح وہ لوگ بھی پھیرے جاتے رہے جو اللہ تعالٰی کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاٰيٰتِ | بِ آ یَا تِ | آیتوں کا | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیاتِ قرآنیہ، آیاتِ بیّنہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | يَجْحَدُوْنَ ۝٦٣ | یَ جْ حَ دُوْ نَ | انکار کرتے | ج ح د | |
| ٦٤ | اَللّٰهُ الَّذِيْ | اَل لَا هُ ل لَ ذِ یْ | اللہ ہی وہ ذات ہے جس نے | | |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاَرْضَ | لْ اَ رْ ضَ | زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | قَرَارًا | قَ رَا رَا اوْں | رہنے کی جگہ | ق ر ر | اِستقرارِ حمل، قرار گاہ، مُستقر |
| | وَّالسَّمَآءَ | وَس سَ مَا…ءَ | اور آسمان کو | س م و | سماوی کُتب، اَرض وسَماء |
| | بِنَآءً | بِ نَا… آ ؤں | چھت | ب ن ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝۶۳ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً

آیتوں کا انکار کرتے تھے ۶۳ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت بنا دیا اور تمہاری

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ صَوَّرَكُمْ | وَ صَا وْ وَ رَ كُ مْ | اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں | ص و ر | شکل وصورت، تصویر، مُصَوِّر |
| | فَاَحْسَنَ | فَ اَحْ سَ نَ | تو بڑی اچھی بنائیں | ح س ن | حسن، احسان، مُحسن، اَحسنُ الجزاء |
| | صُوَرَكُمْ | صُ وَ رَ كُ مْ | تمہاری صورتیں | ص و ر | شکل وصورت، تصویر، مُصَوِّر |
| | وَرَزَقَكُمْ | وَ رَ زَ قَ كُ مْ | اور اس نے تمہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، رِزقِ حلال |
| | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ | مِ نَ طْ طَا ئِ یِ بَا ت | پاکیزہ چیزوں سے | ط و ب | طیّب، کلمہ طیّبہ، مدینہ طیّبہ |
| | ذٰلِكُمُ | ذَا لِ كُ مُ | یہ ہے | | |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | رَبُّكُمْ ۚۖ | رَ بْ بُ كُ مْ | تمہارا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ

صورتیں بنائیں اور بہت اچھی بنائیں اور تمہیں عمدہ عمدہ چیزیں کھانے کو عطا فرمائیں، یہی اللہ تعالیٰ تمہارا پروردگار ہے، پس بہت ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَتَبٰرَكَ | فَ تَ بَا رَ كَ | سو بہت بابرکت ہے | ب ر ك | بَرکت، بَرکات، مُبارک باد |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | رَبُّ | رَ بْ بُ | جو رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ۝۶۴ | لْ عَا لَ مِیْ نَ | تمام جہانوں کے | ع ل م | عالَم رنگ وبو، عالَم اسلام، عالَم کفر |
| ۶۵ | هُوَ الْحَيُّ | هُ وَلْ حَا ئِ یُ | وہ ہمیشہ سے زندہ ہے | ح ی ی | حیاتِ جاودانی، حَیٌّ قَیُّوم، حیاتِ طیّبہ، جنگلی حیات |
| | لَآ اِلٰهَ | لَا .. اِ لَا هَ | نہیں کوئی معبودِ برحق | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | هُوَ | هُ وَ | وہی | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَادْعُوْهُ | فَ دْ عُوْ ہُ | لہٰذا تم اسی کو پکارو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | مُخْلِصِيْنَ | مُ خْ لِ صِیْ نَ | خالص کرتے ہوئے | خ ل ص | خَالِص، مُخْلِص، مُخَلِّص، اِخلَاص |

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ

برکتوں والا اللہ تعالیٰ ہے سارے جہان کا پرورش کرنے والا ﴿٦٤﴾ وہ زندہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم خالص اسی کی عبادت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُ الدِّيْنَ ط | لَ ہُ دْ دِیْ نْ | اس کے لئے بندگی کو | د ی ن | دِینِ اِسلام، دِینِ مَتِین، دِینِ مُحَمَّدی |
| | اَلْحَمْدُ | اَلْ حَ مْ دُ | سب تعریفیں | ح م د | حمد و ثناء، حَامِد، مَحمُود، مُحَمَّد |
| | لِلّٰهِ | لِلْ لَا ہِ | اللہ کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | رَبِّ | رَ ب بِ | رب (پروردگار ہے) | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٥﴾ | لْ عَا لَ مِیْ نْ | تمام جہانوں کے | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ٦٦ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اِنِّيْ نُهِيْتُ | اِن نِیْ نُ ہِیْ تُ | بے شک مجھے تو روک دیا گیا ہے | ن ھ ی | نَہِی عَنِ المُنکَر، مَنْہِیات (رُکنا) |
| | اَنْ | اَنْ | اس سے کہ | | |
| | اَعْبُدَ | اَعْ بُ دَ | میں عبادت کروں | ع ب د | عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | ان کی جنہیں | | |

لَهُ الدِّيْنَ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٥﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ

کرتے ہوئے اسے پکارو، تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے ﴿٦٥﴾ آپ (ﷺ) کہہ دیجئے! کہ مجھے ان کی عبادت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَدْعُوْنَ | تَ دْ عُوْ نَ | تم پکارتے ہو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْ نِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | لَمَّا | لَمْ مَا | جب | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَآءَنِيَ | جَا...ءَ نِ یَ | میرے پاس آگئیں | ج ی ء | |
| | الْبَيِّنٰتُ | لْ بَا ئِ يِ نَا تُ | واضح دلیلیں | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| | مِنْ رَّبِّيْ ۬ | مِرْ رَب بِيْ | میرے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَاُمِرْتُ | وَ اُمِ رْ تُ | اور مجھے حکم دیا گیا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اَنْ اُسْلِمَ | اَنْ اُسْ لِ مَ | یہ کہ میں فرمانبردار رہوں | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تَسلیم |

**تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۬ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ**

سے روک دیا گیا ہے جنہیں تم اللہ تعالیٰ کے سوا پکار رہے ہو، اس بنا پر کہ میرے پاس میرے رب کی دلیلیں پہنچ چکی ہیں، مجھے یہ حکم دیا گیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِرَبِّ | لِ رَب بِ | پروردگار کے لئے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | الْعٰلَمِيْنَ ۝٦٦ | لْ عَا لَ مِیْ نَ | تمام جہانوں کے | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ٦٧ | هُوَ الَّذِيْ | هُ وَ لْ لَ ذِ يْ | وہی ہے جس نے | | |
| | خَلَقَكُمْ | خَ لَ قَ كُ مْ | تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مَخلُوق، خلقت |
| | مِّنْ تُرَابٍ | مِنْ تُ رَا بِنْ | مٹی سے | ت ر ب | تُربِ ہندی (ہندی مٹی) اَبُوتُراب |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | مِنْ نُّطْفَةٍ | مِنْ نُ طْ فَ تِنْ | نُطفے سے | ن ط ف | نُطفہ اِنسانی |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | مِنْ عَلَقَةٍ | مِنْ عَ لَ قَ تِنْ | جمے ہوئے خون سے | ع ل ق | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القوم |

**لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦٦ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ**

کہ میں تمام جہانوں کے رب کا تابع فرمان ہو جاؤں ۝٦٦ وہ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے پھر نطفے سے پھر خون کے لوتھڑے سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | يُخْرِجُكُمْ | يُ خْ رِ جُ كُ مْ | وہ تمہیں نکالتا ہے | خ ر ج | خارِج، وَزارتِ خارجہ مَخرَج، خُرُوج |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | طِفْلًا | طِف لَن | بچہ بنا کر | ط ف ل | طِفْلِ مَکتب، اَطفال، رَوضۃُ الْاَطفال |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لِتَبْلُغُوْٓا | لِ تَبْ لُ غُوْ.. | تا کہ تم پہنچو | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | اَشُدَّكُمْ | اَ شُدْ دَ كُ مْ | اپنی جوانی (کی قوتوں) کو | ش د د | شِدَّت، شِدَّتِ غَم، تَشدِید، مُتَشَدِّد |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لِتَكُوْنُوْا | لِ تَ كُوْ نُوْ | تا کہ تم ہو جاؤ | ك و ن | |
| | شُيُوْخًا ج | شُ يُوْ خَا | بوڑھے | ش ی خ | شَیخُ الْمَشَائِخ، شُیُوخ، شَیخِ طَرِیقت |
| | وَمِنْكُمْ | وَ مِنْ كُ مْ | اور تم میں سے کچھ | | شِیر و شَکر، شَب و روز، اُمید و رَجا<br>مِن و عَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ الْقَوم |

ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ج وَ مِنْكُمْ

پیدا کیا پھر تمہیں بچہ کی صورت میں نکالتا ہے، پھر (تمہیں بڑھاتا ہے کہ) تم اپنی پوری قوت کو پہنچ جاؤ پھر بوڑھے ہو جاؤ، تم میں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّنْ | مَا ئِیْں | وہ ہیں جو | | |
| | يُّتَوَفّٰى | یُ تَ وَف فَا | فوت کر دیئے جاتے ہیں | و ف ی | وَفات، فوت ہونا، مُتوَفّٰی<br>مُتوَفِّیہ (فوت شدہ) |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے ہی | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |
| | وَلِتَبْلُغُوْٓا | وَلِ تَبْ لُ غُوْ.. | اور تا کہ تم پہنچو | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | اَجَلًا | اَ جَ لَ | ایک وقت | ء ج ل | اَجَل، آجَال، فِرِشتۂ اَجَل، لُقمۂ اَجَل |
| | مُّسَمًّى | م مُ سَم مَا ؤں | مقرر (کو) | س م و | وَجہِ تَسمِیہ، اِسمِ بَامُسَمّٰی، مُسَمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | وَّلَعَلَّكُمْ | وَلَ عَل لَ كُ مْ | اور تا کہ تم | | لَیل و نَہار، رَحِیم و کَرِیم، رَنج و اَلَم |
| | تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ | تَ عْ قِ لُوْ ن | سمجھو | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |

مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَ لِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾

بعض اس سے پہلے ہی فوت ہو جاتے ہیں، (وہ تمہیں چھوڑ دیتا ہے) تا کہ تم مدت معین تک پہنچ جاؤ اور تا کہ تم سوچ سمجھ لو ﴿٦٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۸ | هُوَ الَّذِىْ | ہُ وَ ل لَ ذِ یْ | وہ (اللہ) وہ ذات ہے جو | | |
| | يُحْيٖ | یُ حْ یِیْ | زندہ کرتا ہے | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | وَيُمِيْتُ ج | وَ یُ مِیْ ت | اور مارتا ہے | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات و مَمات |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | قَضٰٓى | قَ ضَا.. | وہ فیصلہ کر لیتا ہے | ق ض ی | قضاوقدر، قَضائے اِلٰہی، قاضی |
| | اَمْرًا | اَمْ رَنْ | کسی کام کا | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | فَاِنَّمَا | فَ اِنْ نَ مَا | تو بس | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | يَقُوْلُ | یَ قُوْ لُ | وہ کہتا ہے | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اسے: | | |
| | كُنْ | کُ نْ | تو ہو جا | ك و ن | |
| | فَيَكُوْنُ ع ۶۸ | فَ یَ کُوْ نْ | تو وہ ہو جاتا ہے | ك و ن | |

ع ۸ ۱۲

هُوَ الَّذِىْ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ج فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ع ۶۸

وہی ہے جو جلاتا ہے اور مار ڈالتا ہے، پھر جب وہ کسی کام کا کرنا مقرر کرتا ہے تو اسے صرف یہ کہتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے ۶۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹ | اَلَمْ تَرَ | اَ لَمْ تَ رَ | کیا آپ نے دیکھا نہیں | ر ء ی | رِیا، رُوَیا، رُوَیتِ ہِلال، غَیر مَرئی |
| | اِلَى الَّذِيْنَ | اِلَلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کی طرف جو | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | يُجَادِلُوْنَ | یُ جَا دِ لُوْ نَ | جھگڑتے ہیں | ج د ل | جَنگ و جَدَل، مُجادَلہ، سُورۃ المُجادَلہ |
| | فِيْٓ اٰيٰتِ | فِیْ.. آ یَا تِ | آیتوں میں؟ | ء ی ی | آیت، آیات (نشانیاں)، آیاتِ بَیِّنَہ |
| | اللّٰهِ ط | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | اَنّٰى | اَنْ نَا | کہاں | | |
| | يُصْرَفُوْنَ صلے ج ۶۹ | یُصْ رَ فُوْ نَ | وہ پھیرے جاتے ہیں؟ | ص ر ف | صَرفِ نَظر کرنا، تَصرِیف، صَارِف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۰ | الَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | كَذَّبُوْا | کَذ ذَ بُوْ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کَاذِب، کَذَّاب مُسیلمہ کَذَّاب (نُبُوَّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

معانقة ۱۳

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۚۛ ﴿۶۹﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

کیا تو نے انہیں دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں، وہ کہاں پھیر دیئے جاتے ہیں ﴿۶۹﴾ جن لوگوں نے کتاب کو جھٹلایا اور اسے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْكِتٰبِ | بِل کِ تا بِ | اس کتاب (قرآن) کو | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتاب اللہ، کِتابت |
| | وَبِمَآ | وَ بِ مَا.. | اور اس (وحی) کو کہ | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | رُسُلَنَا ۛ قف | رُ سُ لَ نَا | اپنے رسولوں کو | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | فَسَوْفَ | فَ سَاؤ فَ | تو جلد ہی | | |
| | يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ لا | یَ عْ لَ مُوْ نَ | وہ جان لیں گے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| ۷۱ | اِذِ الْاَغْلٰلُ | اِ ذِ لْ اَ غْ لَا لُ | جب طوق ہوں گے | غ ل ل | |
| | فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ | فِیْ.. اَعْ نَا قِ ہِمْ | ان کی گردنوں میں | ع ن ق | عُنُق (واحد، گردن) اَعنَاق (جمع) |

بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ قف فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ لا اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

بھی جو ہم نے اپنے رسولوں کے ساتھ بھیجا انہیں ابھی ابھی حقیقت حال معلوم ہو جائے گی ﴿۷۰﴾ جب کہ ان کی گردنوں میں طوق ہوں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالسَّلٰسِلُ ؕ | وَس سَ لَا سِلُ | اور زنجیریں | س ل س ل | سِلسِلَہ (واحد/زنجیر)، پابندِ سَلَاسِل ہونا |
| | يُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ لا | یُسْ حَ بُوْ نَ | وہ گھسیٹے جائیں گے | س ح ب | |
| ۷۲ | فِي الْحَمِيْمِ ۵ لا | فِلْ حَ مِیْ مِ | کھولتے ہوئے پانی میں | ح م م | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت حَمِیم، حُمّٰی (بخار) |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمِین ثُمَّ آمِین |
| | فِي النَّارِ | فِن نَا رِ | آگ میں | ن و ر | نَارِ نَمرُود، نَارِ جَہنَم، نَارِ سَمُوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُسْجَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ ۚ | يُسْ جَ رُوْ نَ | وہ جلائے جائیں گے | س ج ر | |
| ٧٣ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | قِيْلَ | قِيْ لَ | کہا جائے گا | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |

وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ﴿٧١﴾ فِي الْحَمِيْمِ ڏ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ ۚ ثُمَّ قِيْلَ

اور زنجیریں ہوں گی گھسیٹے جائیں گے ﴿٧١﴾ کھولتے ہوئے پانی میں اور پھر جہنم کی آگ میں جلائے جائیں گے ﴿٧٢﴾ پھر ان سے پوچھا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان سے: | | |
| | اَيْنَ | آ ئِ نَ | کہاں ہیں | | |
| | مَا كُنْتُمْ | مَا كُنْ تُمْ | وہ جنہیں تم تھے | ك و ن | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَا جَرَہ |
| | تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٣﴾ ۙ | تُشْ رِ كُوْ نَ | شریک ٹھہرایا کرتے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکَاء |
| ٧٤ | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْ نِ | سوا؟ | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ ۭ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | ضَلُّوْا | ضَل لُوْ | وہ گم ہو گئے | ض ل ل | ضَلالَت (گمراہی)، ضَلالَت و گُمراہی |
| | عَنَّا | عَن نَا | ہم سے | | |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٣﴾ ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ

جائے گا کہ جنہیں تم شریک کرتے تھے وہ کہاں ہیں؟ ﴿٧٣﴾ جو اللہ تعالیٰ کے سوا تھے وہ کہیں گے کہ وہ تو ہم سے بہک گئے بلکہ ہم تو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّمْ نَكُنْ | لَمْ نَ كُنْ | ہم نہیں تھے | ك و ن | |
| | نَّدْعُوْا | نَ دْعُوْ | پکارتے | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام و الکلام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَیْـًٔا ط | شَ ائِ ءً آ | کسی چیز کو بھی | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ شَئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | کَالعدم، کَالعدم جَماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | یُضِلُّ | یُ ضِلْ لُ | گمراہ کرتا ہے | ض ل ل | ضَلالت (گُمراہی)، ضَلالت و گُمراہی |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾ | لْ كَا فِ رِ یْن | کافروں کو | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نِعمت |
| ۷۵ | ذٰلِكُمْ | ذَا لِ كُ مْ | یہ (عذاب) | | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے ہے کہ | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجِرَہ |

لَمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَیْـًٔا ط كَذٰلِكَ یُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا

اس سے پہلے کسی کو بھی پکارتے ہی نہ تھے، اللہ تعالیٰ کافروں کو اسی طرح گمراہ کرتا ہے ﴿۷۴﴾ یہ بدلہ ہے اس چیز کا جو تم زمین میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُنْتُمْ | كُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | تَفْرَحُوْنَ | تَفْ رَ حُوْ نَ | خوش ہوتے | ف ر ح | فَرحت بخش، مُفَرِّح، فَرحت و سُرور |
| | فِی الْاَرْضِ | فِلْ اَرْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | بِغَیْرِ | بِ غَائِ رِ | بغیر | غ ی ر | اِجازت کے بِغَیر، بِغَیر ضَرورت |
| | الْحَقِّ | لْ حَقْ قِ | حق کے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | وَبِمَا | وَ بِ مَا | اور اس وجہ سے ہے کہ | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز مَاحَول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجِرَہ |
| | كُنْتُمْ | كُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ ج | تَ مْ رَ حُوْ نَ | اِتراتے (اکڑتے) | م ر ح | |
| ۷۶ | اُدْخُلُوْٓا | اُدْ خُ لُوْ.. | تم داخل ہو جاؤ | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزارتِ داخِلہ |

كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ ج اُدْخُلُوْٓا

ناحق پھولے نہ سماتے تھے، اور (بے جا) اتراتے پھرتے تھے ﴿۷۵﴾ (اب آؤ) جہنم میں ہمیشہ رہنے کے لئے (اس کے)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبْوَابَ | اَبْ وَا بَ | دروازوں میں | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ ارقم |
| | جَهَنَّمَ | جَ ہَن نَ مَ | جہنم کے | | جَہنّم کا عذاب، جَہنّم کی وادی |
| | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | ہمیشہ رہنے والے | خ ل د | خُلدِ بریں، خُلود (ہمیشگی)، خَالِدَہ (نام) |
| | فِيْهَا ج | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | فَبِئْسَ | فَ بِ x سَ | اور برا ہے وہ | ب ء س | |
| | مَثْوَى | مَثْ وَ | ٹھکانا | ث و ی | |
| | الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝٧٦ | لْ مُ تَ کَبْ بِ رِیْن | تکبر کرنے والوں کا | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، تکبُّر |
| ۷۷ | فَاصْبِرْ | فَ صْ بِ رْ | لہٰذا آپ صبر کیجئے | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |

اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝٧٦ فَاصْبِرْ اِنَّ

دروازوں میں داخل ہو جاؤ، کیا ہی بُری جگہ ہے تکبر کرنے والوں کی ۝٧٦ پس آپ صبر کریں اللہ تعالیٰ کا وعدہ قطعاً سچا ہے، تو ہماری

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعْدَ | وَعْ دَ | وعدہ | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ ووَعید، وَعدہ کرنا |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | حَقٌّ ج | حَق ق | حق ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ | فَ اِم مَا نُ رِ یَن نَ كَ | پھر اگر ہم آپ کو دکھا دیں | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | بَعْضَ | بَ عْ ضَ | بعض | ب ع ض | بعض لوگ بَعضُ النَّاس بَعضِ اَشیاء |
| | الَّذِىْ | ل لَ ذِ یْ | وہ (عذاب) جس کا | | |
| | نَعِدُهُمْ | نَ عِ دُ هُمْ | ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں (تو وہ اس کے مستحق ہیں) | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ ووَعید، وَعدہ کرنا |
| | اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ | اَوْ نَ تَ وَف فَ یَن نَ كَ | یا ہم آپ کو (پہلے) فوت کر دیں | و ف ی | وَفات، فوت ہونا، مُتوفّٰی مُتَوَفّیہ (فوت شدہ) |
| | فَاِلَيْنَا | فَ اِ لَا یْ نَا | تو ہماری ہی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا** | | | | |
| | انہیں ہم نے جو وعدے دے رکھے ہیں ان میں سے کچھ ہم آپ کو دکھائیں یا (اس سے پہلے) ہم آپ کو وفات دے دیں، ان کا لوٹایا جانا تو ہماری | | | | |
| | يُرْجَعُوْنَ ﴿٧٧﴾ | یُ رْ جَ عُوْ نَ | وہ لوٹائے جائیں گے | ر ج ع | رُجوع، رَجعت، مَرجَعِ خلائق |
| ٧٨ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سَیروسَیاحت، علم وحکمت، شب و روز |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجے | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالتِ مُحمَّدِیّہ |
| | رُسُلًا | رُ سُ لَ | کئی رسول | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالتِ مُحمَّدِیّہ |
| | مِّنْ قَبْلِكَ | م مِنْ قَبْ لِ كَ | آپ سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |
| | مِنْهُمْ | مِنْ هُمْ | ان میں سے کچھ | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |
| | مَّنْ | مَنْ | وہ ہیں جن کا | | |
| | قَصَصْنَا | قَ صَ صْ نَا | ہم نے حال بیان کر دیا | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ كَ | آپ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | **يُرْجَعُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ** | | | | |
| | ہی طرف ہے ﴿٧٧﴾ یقیناً ہم آپ (ﷺ) سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیج چکے ہیں جن میں سے بعض کے (واقعات) ہم آپ (ﷺ) کو بیان | | | | |
| | وَمِنْهُمْ | وَ مِنْ هُمْ | اور ان میں سے کچھ | | شِیروشَکر، شب و روز، اُمید و رَجا، مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | مَّنْ | مَ ل | وہ ہیں کہ | | |
| | لَّمْ نَقْصُصْ | لَمْ نَقْ صُ صْ | ہم نے حال بیان نہیں کیا | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | عَلَيْكَ ؕ | عَ لَا ئِ كْ | آپ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | وَمَا كَانَ | وَ مَا كَ انَ | اور نہیں ہے (اختیار) | ك و ن | سَحَر و اِفطار، نَماز و روزہ، صُبح و شام |
| | لِرَسُوْلٍ | لِ رَ سُوْ لِنْ | کسی رسول کے لئے | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالتِ مُحمَّدِیّہ |
| | اَنْ يَّاْتِیَ | اَ ئِیْ يَ x تِ يَ | کہ وہ لے آئے | ء ت ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاٰيَةٍ | بِ آ یَ تِنْ | کوئی نشانی | ء ی ی | آیَتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |

وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَ مَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا

کر چکے ہیں اور ان میں سے بعض کے (قصے) تو ہم نے آپ کو (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بیان ہی نہیں کئے اور کسی رسول کا یہ (مقدور) نہ تھا کہ کوئی معجزہ اللہ تعالیٰ کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاِذْنِ | بِ اِذْ نِ | حکم سے | ء ذ ن | اِذنِ ربّی، اِذنِ الٰہی، اِذنِ عام |
| | اللّٰهِ ۚ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | فَاِذَا جَآءَ | فَ اِذَا جَا...ءَ | پھر جب آ گیا | ج ی ء | |
| | اَمْرُ | اَمْ رُ | حکم | ء م ر | اَمرِ ربّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | قُضِيَ | قُ ضِ یَ | تو فیصلہ کر دیا گیا | ق ض ی | قضاوقدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقیقت |
| | وَخَسِرَ | وَ خَ سِ رَ | اور خسارہ اٹھایا | خ س ر | خَسارہ اُٹھانے والا، خَائِب وخَاسِر |
| | هُنَالِكَ | ہُ نَا لِ كَ | وہاں | | |
| | الْمُبْطِلُوْنَ ۝۷۸ ع | لْ مُبْ طِ لُوْن | اہلِ باطل نے | ب ط ل | بَاطِل فِرقہ، حَق وبَاطِل، اَدیانِ بَاطِلہ |

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝۷۸ ع ۸ ۱۰ ۱۳

اجازت کے بغیر لا سکے پھر جس وقت اللہ تعالیٰ کا حکم آئے گا حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور اس جگہ اہلِ باطل خسارے میں رہ جائیں گے ۝۷۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۹ | اَللّٰهُ | اَل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ یْ | وہ ذات ہے جس نے | | |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | بنائے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غِذات |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْاَنْعَامَ | لْ اَنْ عَا مَ | چوپائے | ن ع م | عَوَام کالاَنعام، سُورۃُ الاَنعام |
| | لِتَرْكَبُوْا | لِ تَ رْ كَ بُوْ | تاکہ تم سواری کرو | ر ك ب | رَاکِب، مَرَاکِب، رُکبَان |
| | مِنْهَا | مِنْ هَا | ان میں سے بعض پر | | مِن وعَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَمِنْهَا | وَ مِنْ هَا | اور ان میں سے بعض کو | | شِیر و شَکَر، شَب و روز، اُمید و رَجا مِن وعَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٩﴾ | تَ x كُ لُوْنَ | تم کھاتے ہو | ء ك ل | اَکلِ حَلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |
| ٨٠ | وَلَكُمْ | وَ لَ كُ مْ | اور تمہارے لئے | | |

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَ لَكُمْ

اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے پیدا کئے جن میں سے بعض پر تم سوار ہوتے ہو اور بعض کو تم کھاتے ہو ﴿٧٩﴾ اور بھی تمہارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِیْهَا | فِیْ هَا | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَنَافِعُ | مَ نَا فِ عُ | بہت سے فائدے ہیں | ن ف ع | نَفع، مُنَافِع، مَنفِعَت |
| | وَلِتَبْلُغُوْا | وَ لِ تَبْ لُ غُوْ | اور تاکہ تم پہنچو | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغَت، اَبلَاغِ عَامہ |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئِیْ هَا | ان پر (سوار ہوکر) | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | حَاجَةً | حَا جَ تَنْ | (اپنی) اس حاجت کو | ح و ج | حَاجَت، حَاجَات، صَلٰوۃِ حَاجَت |
| | فِیْ صُدُوْرِكُمْ | فِیْ صُ دُوْ رِ كُ مْ | جو تمہارے سینوں میں ہے | ص د ر | صَدرِی عِلم، شَرحِ صَدر، شَقِّ صَدر |
| | وَعَلَيْهَا | وَ عَ لَا ئِیْ هَا | اور ان پر | | سَیر و سَیَاحَت، عِلم و حِکمَت، شَب و روز عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الاِعلَان |
| | وَعَلَى الْفُلْكِ | وَ عَ لَلْ فُ لْ كِ | اور کشتیوں پر | ف ل ك | فُلک (کشتی) |

فِیْهَا مَنَافِعُ وَ لِتَبْلُغُوْا عَلَیْهَا حَاجَةً فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَ عَلَیْهَا وَ عَلَى الْفُلْكِ

لئے ان میں بہت سے منافع ہیں اور تاکہ اپنے سینوں میں چھپی ہوئی حاجتوں کو انہی پر سواری کر کے تم حاصل کر لو اور ان چوپایوں پر اور کشتیوں پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُحْمَلُوْنَ ﴿٨٠﴾ | تُ حْ مَ لُوْنَ | تم سوار کئے جاتے ہو | ح م ل | حَامِلِ قُرآن، اِنسَان، حَامِلِ کِتَاب |
| ٨١ | وَيُرِيْكُمْ | وَ یُ رِیْ كُ مْ | اور وہ (اللہ) تمہیں دکھاتا ہے | ر ء ی | رِیَا، رُویَا، رُویتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰيٰتِهٖ ۖ | آ یا تِ ہِیْ | اپنی نشانیاں | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | فَاَیَّ | فَ اَیْ یَ | پھر کون سی | | |
| | اٰيٰتِ | آ یا تِ | نشانیوں کا | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | تُنْكِرُوْنَ ⑧١ | تُنْ کِ رُوْ نَ | تم انکار کرو گے؟ | ن ك ر | نَہی عَنِ المُنکَر، مُنکَرات، مُنکِرین |
| ٨٢ | اَفَلَمْ | اَ فَ لَمْ | کیا پھر نہیں | | |
| | يَسِيْرُوْا | یَ سِیْ رُوْ | وہ گھومے پھرے | س ی ر | سَیر و تفریح، صُبح کی سَیر، سَیّارَہ |

تُحۡمَلُوۡنَ ؕ⑧٠ وَ يُرِيۡكُمۡ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَىَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنۡكِرُوۡنَ ⑧١ اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا

سوار کئے جاتے ہو ⑧٠ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا جارہا ہے، پس تم اللہ تعالیٰ کی کن کن نشانیوں کا منکر بنتے رہو گے ⑧١ کیا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِى الۡاَرۡضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | فَيَنۡظُرُوۡا | فَ یَنْ ظُ رُوْ | کہ وہ دیکھتے | ن ظ ر | نَظَر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| | كَيۡفَ | کَا ئِیْ فَ | کیسا | ك ی ف | کَیفیّت، بَہر کَیف، کَیفَ حَالُک |
| | كَانَ | کَا نَ | ہوا | ك و ن | |
| | عَاقِبَةُ | عَا قِ بَ ۃُ | انجام | ع ق ب | عَالَمِ عُقبیٰ، نَاعاقبت اَندیش، عَقُوبَت خَانہ |
| | الَّذِيۡنَ | ل لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کا جو | | |
| | مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ | مِنْ قَبْ لِ ہِمْ | ان سے پہلے تھے؟ | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |
| | كَانُوۡۤا | کَا نُوْ.. | وہ تھے | ك و ن | |
| | اَكۡثَرَ | اَکْ ثَ رَ | زیادہ (تعداد میں) | ك ث ر | خَیرِ کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |

فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ كَانُوۡۤا اَكۡثَرَ

انہوں نے زمین میں چل پھر کر اپنے سے پہلوں کا انجام نہیں دیکھا؟ جو ان سے تعداد میں زیادہ تھے قوت میں سخت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | وَاَشَدَّ | وَ آ شَدْ دَ | اور زیادہ سخت | ش د د | شِدَّت، شِدَّتِ غَم، تَشدِید، مُتَشَدِّد |
| | قُوَّةً | قُوْ وَ تَا ؤں | قوت میں | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | وَّاٰثَارًا | وَ آ ثَا رَنْ | اور یادگاروں کے لحاظ سے | ء ث ر | اَثر، آثار، اَثر و رُسُوخ |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | فَمَآ | فَ مَا.. | پھر نہ | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | اَغْنٰى | اَ غْ نَا | کام آیا | غ ن ی | |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان کے | | |
| | مَّا كَانُوْا | مَا کَا نُوْ | وہ جو (تھے) | ك و ن | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾ | یَ کْ سِ بُوْ نَ | کماتے | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فیض |

مِنْهُمْ وَ اَشَدَّ قُوَّةً وَّ اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾

اور زمین میں بہت ساری یادگاریں چھوڑی تھیں، ان کے کئے کاموں نے انہیں کچھ بھی فائدہ نہ پہنچایا ﴿٨٢﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٣ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | جَآءَتْهُمْ | جَا...ءَ تْ ہُمْ | ان کے پاس آئے | ج ی ء | |
| | رُسُلُهُمْ | رُ سُ لُ ہُمْ | ان کے رسول | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | بِالْبَيِّنٰتِ | بِلْ بَا ئِ یِ نَا تِ | واضح دلائل کے ساتھ | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| | فَرِحُوْا | فَ رِ حُوْ | تو وہ خوش ہوئے | ف ر ح | فَرحَت بَخش، مُفَرِّح، فَرحَت وسُرُور |
| | بِمَا | بِ مَا | اس پر جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | عِنْدَهُمْ | عِ نْ دَ ہُمْ | ان کے پاس تھا | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں، عِندَ الطَّلَب |
| | مِّنَ الْعِلْمِ | مِ نَلْ عِلْ مِ | کچھ علم | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَحَاقَ | وَ حا قَ | اور گھیر لیا | ح و ق | لَیل و نَہار، رَحِیم و کَرِیم، رَنج و اَلَم |

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ

پس جب کبھی ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تو یہ اپنے پاس کے علم پر اترانے لگے، بالآخر جس چیز کو مذاق میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهِمْ | بِ ہِمْ | انہیں | | |
| | مَّا | م مَا | اس (عذاب) نے کہ | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | كَانُوْا | كَا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کا | | |
| | يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٨٣﴾ | يَسْ تَ ہْ زِ ءُ وْ نَ | ٹھٹھا کرتے | ھ ز ء | اِستِہزَاء کرنا (ہنسی مذاق کرنا) |
| ٨٤ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | رَاَوْا | رَ آ وْ | انہوں نے دیکھا | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | بَاْسَنَا | بَ x سَ نَا | ہمارا عذاب | ب ء س | |
| | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | تو کہا: | ق و ل | قَول و قَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اٰمَنَّا | آ مَنْ نَا | ہم ایمان لائے | ء م ن | اَمن و اَمَان، مُومِن، اِیمَان |
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَحْدَهٗ | وَحْ دَ ہُوْ | اکیلے | و ح د | وَاحِد، وَحدَانِیت، تَوحِید، مُوَحِّد |

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٨٣﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ

اُڑا رہے تھے وہی ان پر الٹ پڑی ﴿٨٣﴾ ہمارا عذاب دیکھتے ہی کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ واحد پر ہم ایمان لائے اور جن جن کو ہم اس کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَفَرْنَا | وَ كَ فَ رْ نَا | اور ہم نے انکار کیا | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفَّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | بِمَا | بِ مَا | ان چیزوں کا کہ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كُنَّا | كُنْ نَا | ہم تھے | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہیٖ | ان کو | | |
| | مُشْرِكِيْنَ ﴿٨٤﴾ | مُشْ رِ کِیْ نَ | (اللہ کا) شریک ٹھہرانے والے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| ٨٥ | فَلَمْ يَكُ | فَ لَمْ یَ کُ | پھر نہ ہوا کہ | ك و ن | |
| | يَنْفَعُهُمْ | یَنْ فَ عُ ہُمْ | انہیں نفع دیتا | ن ف ع | نَفع، مُنافِع، مَنفِعَت |
| | اِيْمَانُهُمْ | اِیْ مَا نُ ہُمْ | ان کا ایمان (لانا) | ء م ن | اِیمان، مُؤمِن، مُؤمِنات |
| | لَمَّا | لَمْ مَا | جب | | مَاحَول، مَافَوقَ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | رَاَوْا | رَ آ ؤْ | انہوں نے دیکھ لیا | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیَتِ ہِلَال، غَیرمَرئی |

وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا

شریک بنا رہے تھے ہم نے ان سب سے انکار کیا ﴿٨٤﴾ لیکن ہمارے عذاب کو دیکھ لینے کے بعد ان کے ایمان نے انہیں نفع نہ دیا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَاْسَنَا ط | بَ x سَ نَا | ہمارا عذاب | ب ء س | |
| | سُنَّتَ | سُنْ نَ تَ | طریقے کے مطابق | س ن ن | سُنَّت، سُنَن اَبُوداؤد، اِتِّبَاعِ سُنَّت |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | الَّتِيْ | لْ لَ تِیْ | وہ جو | | |
| | قَدْ خَلَتْ | قَ دْ خَ لَتْ | تحقیق گزرا | خ ل و | خَلوَت، خَالی ہونا، خَلَاء |
| | فِيْ عِبَادِهٖ ج | فِیْ عِ بَا دِہٖ | اس کے بندوں میں | ع ب د | عَبدُاللہ، عِبَاد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | وَخَسِرَ | وَ خَ سِ رَ | اور خسارہ اٹھایا | خ س ر | خَسارہ اُٹھانے والا، خَائِب وخَاسِر |
| | هُنَالِكَ | ہُ نَا لِ کَ | وہاں | | |
| | الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ ع | لْ کَا فِ رُوْ نَ | کافروں نے | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نِعمت |

بَاْسَنَا ط سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ج وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ ع

اللہ تعالیٰ نے اپنا معمول یہی مقرر کر رکھا ہے جو اس کے بندوں میں برابر چلا آرہا ہے اور اس جگہ کافر خراب و خستہ ہوئے ﴿٨٥﴾

ع ٩ / ١٤

اٰيَاتُهَا ۵۴ | سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة مَكِّيَّةٌ (۴۱) (۶۱) | رُكُوْعَاتُهَا ۶

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | حٰمٓ ۚ ① | حَا-مِیْ...م | حٰمٓ | | حُرُوفِ مُقَطَّعَات میں سے ہے |
| ۲ | تَنْزِيْلٌ | تَنْ زِیْ لُ | (یہ) نازل کی ہوئی ہے | ن ز ل | نازِل، اِنزال، نُزُول قُرآن |
| | مِّنَ الرَّحْمٰنِ | م مِ نَرْرَحْ مَانِ | بہت مہربان | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | الرَّحِيْمِ ۚ ② | رْرَحِیْ م | نہایت رحم کرنے والے کی طرف سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ۳ | كِتٰبٌ | کِ تَا بُنْ | (یہ) ایک ایسی کتاب ہے | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | فُصِّلَتْ | فُص صِ لَتْ | کہ کھول کر بیان کی گئی ہیں | ف ص ل | مُفصَّل بیان، تفصیلی خطاب، تفصیلات |
| | اٰيٰتُهٗ | آ یَا تُ ھُوْ | اس کی آیتیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیاتِ قرآنیہ، آیاتِ بیّنہ |
| | قُرْاٰنًا | قُ رْ آ نَنْ | اس حال میں کہ قرآن ہے | ق ر ء | قُرآن عَظیم، قِرأت، قارِی |
| | عَرَبِيًّا | عَ رَ بِیْ یَنْ | عربی | ع ر ب | عَرَبی زُبان، سَعُودِی عَرَب |

## حٰمٓ ۚ ① تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ ② كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا

حم ① اُتاری ہوئی ہے بڑے مہربان بہت رحم والے کی طرف سے ② (ایسی) کتاب ہے جس کی آیتوں کی واضح تفصیل کی گئی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِنْ | ان لوگوں کے لئے جو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | يَّعْلَمُوْنَ ۙ ③ | یَ عْ لَ مُوْ نَ | علم رکھتے ہیں | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| ۴ | بَشِيْرًا | بَ شِیْ رَا وْں | خوشخبری دینے والا | ب ش ر | بَشارَت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشریٰ |
| | وَّنَذِيْرًا ۚ | وَنَ ذِیْ رَا | اور ڈرانے والا | ن ذ ر | نَذیر وبَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | فَاَعْرَضَ | فَ اَعْ رَضَ | پھر منہ موڑ لیا | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |
| | اَكْثَرُهُمْ | اَکْ ثَ رُھُمْ | ان میں سے اکثر نے | ك ث ر | خیرِ کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | تو وہ | | |
| | لَا يَسْمَعُوْنَ ④ | لَا يَس مَعُوْن | نہیں سنتے | س م ع | سَامع، قُوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |

لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۙ③ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ④

قرآن عربی زبان میں ہے اس قوم کیلئے جو جانتی ہے ③ خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا ہے، پھر بھی انکی اکثریت نے منہ پھیر لیا اور وہ سنتے ہی نہیں ④

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥ | وَقَالُوْا | وَ قَا لُوْ | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | قُلُوْبُنَا | قُ لُوْ بُ نَا | ہمارے دل | ق ل ب | قلب، قُلُوب، قَلبی تَعلُّق، قَلبِ اَطہر |
| | فِيْۤ اَكِنَّةٍ | فِيْ.. اَ كِن نَ ةٍ | پردوں میں ہیں | ك ن ن | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | اس بات سے کہ | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم مَاحَول، مَافَوقِ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | تَدْعُوْنَاۤ | تَ دْ عُوْ نَا.. | تو ہمیں بلاتا ہے | د ع و | دَعوَت دینا، مَدعُو کرنا |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا يْ هِ | اس کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَفِيْۤ اٰذَانِنَا | وَ فِيْ آ ذَا نِ نَا | اور ہمارے کانوں میں | ء ذ ن | اُذُن (کان)، آذَان (جمع) |
| | وَقْرٌ | وَ قْ رُوْن | ڈاٹ (کارک) ہے | و ق ر | |
| | وَّمِنْۢ بَيْنِنَا | وَ مِم بَا يْ نِ نَا | اور ہمارے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |

وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْۤ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ وَفِيْۤ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا

اور انہوں نے کہا کہ تو جس کی طرف ہمیں بلا رہا ہے ہمارے دل تو اس سے پردے میں ہیں اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہم میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَبَيْنِكَ | وَ بَا يْ نِ كَ | اور تیرے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | حِجَابٌ | حِ جَا بُنْ | ایک پردہ ہے | ح ج ب | حِجَاب، حَاجِب، عَورَت کا حِجَاب |
| | فَاعْمَلْ | فَ عْ مَ لْ | لہٰذا تو (اپنا) کام کر | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | اِنَّنَا | اِن نَ نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | عٰمِلُوْنَ ⑤ | عَا مِ لُوْن | (اپنا) کام کرنے والے ہیں | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦ | قُلۡ | قُ لۡ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِنَّمَآ | اِن نَ مَا.. | بس | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | اَنَاۡ | اَ نَا | میں | | |
| | بَشَرٌ | بَ شَ رُ | ایک بشر ہی ہوں | ب ش ر | خَیرُالبَشَر، نُورو بَشَر، بَشرِیَّت |
| | مِّثۡلُكُمۡ | م مِثۡ لُ کُ مۡ | تمہاری طرح | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |

وَ بَيۡنِكَ حِجَابٌ فَاعۡمَلۡ اِنَّنَا عٰمِلُوۡنَ ۝٥ قُلۡ اِنَّمَآ اَنَاۡ بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ

اور تجھ میں ایک حجاب ہے، اچھا تو اب اپنا کام کئے جا ہم بھی یقیناً کام کرنے والے ہیں ۝٥

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُوۡحٰٓى | یُوۡ حَا.. | وحی کی جاتی ہے | و ح ی | وَحی مَتلو، وَحی غیر مَتلو، وَحی کا آنا |
| | اِلَىَّ | اِلَاۡ ئِ یَ | میری طرف | | مُرسَل اِلَیہ، مَکتُوب اِلَیہ |
| | اَنَّمَآ اِلٰهُكُمۡ | اَن نَ مَا.. اِلَا ہُ کُ مۡ | یہ کہ بس تمہارا معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | اِلَا ہُن وَا حِ دُنۡ | ایک ہی معبود ہے | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا | فَسۡ تَ قِیۡ مُوۡ.. | لہٰذا تم یکسوئی سے متوجہ رہو | ق و م | اِستِقامَت فِی الدِّین، مُقِیم، خَطِ مُستَقیم |
| | اِلَيۡهِ | اِلَاۡ ئِ ہِ | اس کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ ؕ | وَسۡ تَ غۡ فِ رُوۡ ہُ | اور تم اس سے بخشش مانگو | غ ف ر | غَفّار، عَبدُ الغفور، غَافِر، اِستِغفار |
| | وَوَيۡلٌ | وَوَا ئِ لُنۡ | اور ہلاکت ہے | و ی ل | وَیل (جہنم کی وادی) |

يُوۡحٰٓى اِلَىَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا اِلَيۡهِ وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ ؕ وَوَيۡلٌ

آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے! کہ میں تو تم ہی جیسا انسان ہوں مجھ پر وحی نازل کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک اللہ تعالیٰ ہی ہے سو تم اس کی طرف متوجہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ ۝٦ | لِلۡ مُشۡ رِ کِیۡ نَ | مشرکین کے لئے | ش ر ک | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَکَاء |
| ٧ | الَّذِيۡنَ | اَلۡ لَ ذِ یۡ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | لَا يُؤۡتُوۡنَ | لَا یُ x تُوۡ نَ | نہیں دیتے | ء ت ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الزَّكٰوةَ | زَ زَ كَا ةَ | زکاۃ | ز ك و | زکوٰۃ الفطر، مالِ زکوٰۃ، نصابِ زکوٰۃ، بکریوں کی زکوٰۃ |
| | وَهُمْ | وَ هُمْ | اور وہ | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | بِالْاٰخِرَةِ | بِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت کا بھی | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی، آخرت کا سفر |
| | هُمْ | هُمْ | وہی | | |
| | كٰفِرُوْنَ ⑦ | كَا فِ رُوْ نَ | انکار کرنے والے ہیں | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |

لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ ⑥ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ⑦

ہو جاؤ اور اس سے گناہوں کی معافی چاہو، اور ان مشرکوں کیلئے (بڑی ہی) خرابی ہے ⑥ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور آخرت کے بھی منکر ہی رہتے ہیں ⑦

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ ىْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صالِحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | اَجْرٌ | اَ جْ رُنْ | اَجر ہے | ء ج ر | اَجر وثواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | غَيْرُ | غَا ئِ رُ | نہ | غ ی ر | غیر مُلکی، غیر مشروط، غیر اللہ |
| | مَمْنُوْنٍ ⑧ ع | مَمْ نُوْ نِنْ | ختم ہونے والا | م ن ن | مَنّ واحسان، عبدُ المنّان، ممنون |
| ۹ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَئِنَّكُمْ | اَ ءِ ن نَ كُ مْ | کیا بے شک تم | | |

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ع ⑧ قُلْ اَئِنَّكُمْ ع ۸ ۱۵

بیشک جو لوگ ایمان لائیں اور بھلے کام کریں ان کے لئے نہ ختم ہونے والا اجر ہے ⑧ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے! کہ کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَتَكْفُرُوْنَ | لَ تَ كْ فُ رُوْ نَ | واقعی کفر کرتے ہو | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، کَفّارہ، کُفرانِ نعمت |
| | بِالَّذِىْ | بِل لَ ذِ ىْ | اس ذات کے ساتھ جس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | الْاَرْضَ | لْ اَ رْ ضَ | زمین کو | ء ر ض | اَرض وسماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | فِىْ يَوْمَيْنِ | فِيْ يَ وْ مَ يْ نِ | دو دن میں | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | وَتَجْعَلُوْنَ | وَ تَ جْ عَ لُوْ نَ | اور تم بناتے ہو | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَهٗٓ | لَ هُوْ.. | اس کے لئے | | |
| | اَنْدَادًا ؕ | اَنْ دَا دَا | شریک؟ | ن د د | نِدّ (شریک کو کہتے ہیں)، اَنْدَاد (جمع) |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | وہ | | |

لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِىْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِىْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ

تم اس (اللہ تعالیٰ) کا انکار کرتے ہو اور تم اس کے شریک مقرر کرتے ہو جس نے دو دن میں زمین پیدا کر دی، سارے جہانوں کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبُّ | رَ بْ بُ | رب (پروردگار) ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ۚ ⑨ | لْ عَا لَ مِيْ نَ | تمام جہانوں کے | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ١٠ | وَجَعَلَ | وَ جَ عَ لَ | اور اس نے بنائے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | رَوَاسِىَ | رَ وَا سِ ىَ | مضبوط پہاڑ | ر و س | |
| | مِنْ فَوْقِهَا | مِنْ فَا وْ قِ هَا | اس کے اوپر | ف و ق | فَوقُ الارض، فَوقَ السّماء، فَوقیّت |
| | وَبٰرَكَ | وَ بَا رَ كَ | اور اس نے برکت دی | ب ر ك | بَرَکت، بَرَکات، مُبارک باد |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | وَقَدَّرَ | وَ قَدْ دَ رَ | اور اس نے اندازہ رکھا | ق د ر | مِقدار، بِقدرِ ضرورت، قُدرت<br>حِصّہ بِقدرِ جُثّہ، مُقدّر، تقدیر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيۡهَاۤ | فِیۡ ہَا.. | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |

رَبُّ الْعٰلَمِيۡنَ ۚ﴿۹﴾ وَجَعَلَ فِيۡهَا رَوَاسِىَ مِنۡ فَوۡقِهَا وَبٰرَكَ فِيۡهَا وَقَدَّرَ فِيۡهَاۤ

پروردگار وہی ہے ⑨ اور اس نے زمین میں اس کے اوپر سے پہاڑ گاڑ دیئے اور اس میں برکت رکھ دی اور اس میں (رہنے والوں کی)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَقۡوَاتَهَا | اَقْ وَا تَ ہَا | اس کی غذاؤں کا | ق و ت | |
| | فِىۡۤ اَرۡبَعَةِ | فِیْ.. اَرْ بَ عَ ةِ | (یہ سارے کام ہوئے) چار | ر ب ع | رُبعُ القُرآن، رُبَع پارہ، رُباعِی |
| | اَيَّامٍ ؕ | اَیْ یَام | دنوں میں | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | سَوَآءً | سَ وَا...ءَ | یکساں طور پر | س و ی | سَوَا سَوَا، مُساوِی، مُساوَات |
| ۱۱ | لِّلسَّآئِلِيۡنَ ﴿۱۰﴾ | لِ لْس سَا...ءِ لِیْ نَ | (جواب ہوگیا) پوچھنے والوں کے لئے | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اسۡتَوٰٓى | سْ تَ وَا.. | وہ متوجہ ہوا | س و ی | مُستوَیٔ عَرش، تَسوِیۃُ الصُّفُوف مُساوَات، مُساوِی |
| | اِلَى | اِ لَ | طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | السَّمَآءِ | س سَ مَا...ءِ | آسمان کی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |

اَقۡوَاتَهَا فِىۡۤ اَرۡبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيۡنَ ﴿۱۰﴾ ثُمَّ اسۡتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ

غذاؤں کی تجویز بھی اسی میں کر دی (صرف) چار دن میں ضرورت مندوں کے لئے یکساں طور پر ⑩ پھر آسمان کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَهِىَ | وَ ہِ یَ | جبکہ وہ | | |
| | دُخَانٌ | دُ خَا نُنْ | دُھواں تھا | د خ ن | سُورَۃُ الدُّخَان، دُخَان (دُھواں) |
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو اس نے کہا | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لَهَا | لَ ہَا | اس سے | | |
| | وَلِلۡاَرۡضِ | وَ لِلْ اَ رْضِ | اور زمین سے: | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضِی، کُرۂ اَرض |
| | ائۡتِيَا | x تِ یَا | تم دونوں آؤ | ء ت ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | طَوْعًا | طَاؤعَنْ | خوشی سے | ط و ع | طوعاًوکرہاً کام کرنا (خُوشی اور ناخُوشی سے کام کرنا) |
| | اَوْ كَرْهًا ؕ | آ ؤ کَ رْ ہَا | یا ناخوشی سے | ك ر ه | طوعاًوکرہاً کام کرنا (خُوشی اور ناخُوشی سے کام کرنا) |
| | قَالَتَآ | قَا لَ تَا.. | (تو) ان دونوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اَتَيْنَا | آ تَا ئِ نَا | ہم آئے | ء ت ی | |

وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا

متوجہ ہوا اور وہ دُھواں (سا) تھا پس اسے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا ناخوشی سے، دونوں نے عرض کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | طَآئِعِيْنَ ⑪ | طَا...ءِ عِیْ نَ | بہ رضاورغبت (خوشی خوشی) | ط و ع | طوعاًوکرہاً کام کرنا (خُوشی اور ناخُوشی سے کام کرنا) |
| ۱۲ | فَقَضٰهُنَّ | فَ قَ ضَا ہُنْ نَ | پھر اس نے ان کو بنا دیا | ق ض ی | قضاوقدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| | سَبْعَ | سَبْ عَ | سات | س ب ع | سَبعَہ مُعلّقات، سَبعِ سَمٰوات سَبعِ عَشَرہ قِرأت، سَبعِین (70) |
| | سَمٰوٰتٍ | سَ مَا وَا تِنْ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | فِيْ يَوْمَيْنِ | فِیْ یَا ؤ مَا ئِ نِ | دودنوں میں | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عِید |
| | وَاَوْحٰى | وَ آ ؤ حَا | اور اس نے القا کیا | و ح ی | وَحیِ مَتلُو، وَحیِ غیرِمَتلُو، وَحی کا آنا |
| | فِيْ كُلِّ | فِیْ کُل لِ | میں ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | سَمَآءٍ | سَ مَا ... ءِنْ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |

طَآئِعِيْنَ ⑪ فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ

ہم بخوشی حاضر ہیں ⑪ پس دو دن میں سات آسمان بنا دیئے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْرَهَا ؕ | اَمْ رَ ہَا | اس کا کام | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | وَزَيَّنَّا | وَ زَا ئِ یَنْ نَ | اور ہم نے مُزیّن کیا | ز ی ن | زَینُ العَابِدِین، مُزیّن، زِینت |
| | السَّمَآءَ | س سَ مَا ... ءَ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | الدُّنْيَا | د دُ نْ یَا | دنیا کو | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَصَابِيحَ ۚ | بِ مَ صَا بِیْ حَ | چراغوں سے | ص ب ح | مِصْبَاح (واحد)، مَصَابِیْح (جمع) |
| | وَحِفْظًا ۚ | وَ حِف ظَا | اور (اس کی خوب) حفاظت کی | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظَت، مَحْفُوظ |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ | | |
| | تَقْدِيرُ | تَق دِیْ رُ | اندازہ ہے | ق د ر | مِقدار، بِقَدرِ ضرورت، قُدرت، حِصّہ بقدرِ جثّہ، مُقدّر، تقدِیر |
| | الْعَزِيزِ | اَل عَ زِیْ زِ | نہایت غالب | ع ز ز | اَلعزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |

أَمْرَهَا ۚ وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ ۚ وَحِفْظًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ

احکام کی وحی بھیج دی اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے زینت دی اور نگہبانی کی، یہ تدبیر اللہ غالب و

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْعَلِيمِ ⑫ | اَل عَ لِیْ مِ | خوب جاننے والے کا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلوم، علّامہ |
| ۱۳ | فَإِنْ | فَ اِنْ | پھر اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | أَعْرَضُوا | اَعْ رَضُوْ | وہ مُنہ موڑیں | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |
| | فَقُلْ | فَ قُلْ | تو کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | أَنْذَرْتُكُمْ | اَنْ ذَرْ تُ کُ مْ | میں نے تمہیں ڈرا دیا ہے | ن ذ ر | نذیر و بشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | صَاعِقَةً | صَا عِ قَ ةً | ایسی کڑک (آسمانی عذاب) سے | ص ع ق | صاعقہ (نام)، صاعقہ (کڑک بجلی) |
| | مِثْلَ | مِ مِثْ لَ | جیسی ہوگی | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تمثیل، مِثالیں |
| | صَاعِقَةِ | صَا عِ قَ ةِ | کڑک | ص ع ق | صاعقہ (نام)، صاعقہ (کڑک بجلی) |
| | عَادٍ | عَا دِیْ اُوْں | جو | | قومِ عاد |

الْعَلِيمِ ⑫ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ

دانا کی ہے ⑫ اب بھی یہ روگرداں ہوں تو کہہ دیجئے! کہ میں تمہیں اس کڑک (عذاب آسمانی) سے ڈراتا ہوں جو مثل عادیوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَثَمُودَ ⑬ | وَ ثَ مُوْ دَ | اور ثمود کی | | قومِ ثمود |
| ۱۴ | إِذْ جَاءَتْهُمُ | اِذْ جَا...ءَ تْ هُمْ | جب ان کے پاس آئے | ج ی ء | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الرُّسُلُ | رُ رُ سُ لُ | (ان کے) رسول | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | مِنْۢ | مِم | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ | بَ اَیْ نِ آ اَیْ دِیْ ہِمْ | ان کے آگے | | دونوں ہاتھوں کے درمیان (سامنے) |
| | وَمِنْ خَلْفِهِمْ | وَ مِنْ خَلْ فِ ہِمْ | اور ان کے پیچھے سے | خ ل ف | ناخلف، سَلَف و خَلَف، خَلِیفہ، خلافت |
| | اَلَّا تَعْبُدُوْٓا | اَل لَا تَ عْ بُ دُوْ.. | کہ تم عبادت نہ کرو | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عابِد، مَعبُود |

وَّ ثَمُوْدَ ﴿١٣﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

اور ثمودیوں کی کڑک کے ہوگی ﴿١٣﴾ ان کے پاس جب ان کے آگے پیچھے سے پیغمبر آئے کہ تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا اللّٰهَ ؕ | اِل لَل لَا ہَ | مگر اللہ ہی کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولَہ |
| | لَوْ شَآءَ | لَا وْ شَا... ءَ | اگر چاہتا | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَاشَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | رَبُّنَا | رَب بُ نَا | ہمارا رب | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | لَاَنْزَلَ | لَ اَنْ زَ لَ | تو ضرور نازل کر دیتا | ن ز ل | نازِل، اِنزَال، نُزُولِ قُرآن |
| | مَلٰٓئِكَةً | مَ لَا... ءِ کَ تَنْ | فرشتے | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فَرِشتہ) مَسجُودِ مَلَائکہ |
| | فَاِنَّا | فَ اِن نَا | اب بلاشبہ ہم | | |
| | بِمَآ | بِ مَا.. | اس چیز کا کہ | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | اُرْسِلْتُمْ | اُ رْ سِلْ تُ مْ | تمہیں بھیجا گیا ہے | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| ١٤ | كٰفِرُوْنَ ﴿١٤﴾ | کَا فِ رُوْ نَ | انکار کرنے والے ہیں | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکَّہ، کُفرانِ نِعمت |

اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿١٤﴾

تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتوں کو بھیجتا، ہم تو تمہاری رسالت کے بالکل منکر ہیں ﴿١٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | فَاَمَّا | فَ اَم مَا | پھر رہے | | |
| | عَادٌ | عَا دُنْ | عاد | | قومِ عاد |
| | فَاسْتَكْبَرُوْا | فَسْ تَ کْ بَ رُوْ | تو انہوں نے تکبر کیا | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبِیر، تکبُّر |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرہٗ اَرض |
| | بِغَيْرِ | بِ غَا ئِ رِ | بغیر | غ ی ر | اِجازت کے بِغیر، بِغیر ضَرُورت |
| | الْحَقِّ | لْ حَق قِ | حق کے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | وَقَالُوْا | وَ قَا لُوْ | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | مَنْ | مَنْ | کون ہے | | |
| | اَشَدُّ | اَ شَد دُ | زیادہ سخت | ش د د | شِدَّت، شَدَائِد، تَشَدُّد، اَشَدّ |
| | مِنَّا | مِن نَا | ہم سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ الْقوم |
| | قُوَّةً ؕ | قُو وَ ہْ | قوت میں؟ | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |

**فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ**

اب عاد نے بے وجہ زمین میں سرکشی شروع کر دی اور کہنے لگے کہ ہم سے زور آور کون ہے؟ کیا انہیں یہ نظر نہ آیا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوَلَمْ يَرَوْا | اَ وَ لَمْ یَ رَا وْ | اور کیا انہوں نے دیکھا نہیں | ر ء ی | رِیَا، رُوَیَا، رُوْیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بے شک | | |
| | اللّٰهَ | لْ لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعالَمِین |
| | الَّذِيْ | لْ لَ ذِیْ | جس نے | | |
| | خَلَقَهُمْ | خَ لَ قَ ہُمْ | انہیں پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخْلُوق، خَلقت |
| | هُوَ اَشَدُّ | ہُ وَ اَ شَد دُ | وہ زیادہ سخت ہے | ش د د | شِدَّت، شَدَائِد، تَشَدُّد، اَشَدّ |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان سے | | مِن جَانِب، مِن حَیثُ الْقوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُوَّةً ؕ | قُو وَ ہ | قوت میں؟ | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | وَكَانُوْا | وَ کَا نُو | اور وہ تھے | ك و ن | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آ یَا تِ نَا | ہماری آیتوں کا | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیاتِ قرآنیہ، آیاتِ بیّنہ |

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

جس نے انہیں پیدا کیا ہے وہ ان سے (بہت ہی) زیادہ زور آور ہے، وہ (آخر تک) ہماری آیتوں کا انکار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ | یَ جْ حَ دُو نَ | انکار کرتے | ج ح د | |
| ١٦ | فَاَرْسَلْنَا | فَ اَرْ سَلْ نَا | چنانچہ ہم نے بھیجی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسل، رِسَالت مُحمّدیّہ |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | رِيْحًا | رِیْ حَنْ | ہوا | ر و ح | رِیَاح، رِیح، رِیاحی دَرد |
| | صَرْصَرًا | صَرْ صَ رَنْ | تند و تیز | ص ر ص ر | |
| | فِيْٓ اَيَّامٍ | فِیْ اَیْ یَا مِ | (ثابت ہونیوالے) دنوں میں | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، اَیّامِ عید |
| | نَّحِسَاتٍ | نَ نَ حِ سَا تِ | منحوس | ن ح س | نُحُوست پھیلانا، مَنحُوس ہونا |
| | لِّنُذِيْقَهُمْ | لِ لِ نُ ذِیْ قَ ہُمْ | تا کہ ہم انہیں چکھائیں | ذ و ق | ذوق وشوق، ذَائقۃُ المَوت، خُوش ذَائقہ |

يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ

ہی کرتے رہے ﴿۱۵﴾ بالآخر ہم نے ان پر ایک تیز و تند آندھی منحوس دنوں میں بھیج دی کہ انہیں دنیاوی زندگی میں ذلت کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابَ | عَ ذَا بَ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | الْخِزْيِ | لْ خِ زْ یِ | رسوائی کا | خ ز ی | خَزایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| | فِي الْحَيٰوةِ | فِلْ حَ یَا ۃِ | زندگی میں | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیّ قیّوم، حَیاتِ طیّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَا ؕ | دُ دُنْ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | وَلَعَذَابُ | وَلَ عَ ذَا بُ | اور یقیناً عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاٰخِرَةِ | لْ آ خِ رَ ةِ | آخرت کا | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |
| | اَخْزٰى | اَ خْ زَا | بہت زیادہ رسوا کرنے والا ہے | خ ز ی | خزایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | اور وہ | | سحر وافطار، نماز و روزہ، صُبح وشام |

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ

عذاب کا مزہ چکھا دیں، اور (یقین مانو) کہ آخرت کا عذاب اس سے بہت زیادہ رسوائی والا ہے اور وہ مدد نہیں کئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿١٦﴾ | لَا یُنْ صَ رُوْ نَ | مدد نہیں کئے جائیں گے | ن ص ر | نُصرت، ناصر، اَنصارِ مدینہ |
| ١٧ | وَاَمَّا | وَ اَمْ مَا | اور رہے | | قول وقرار، حُزن وملال، غم وحُزن |
| | ثَمُوْدُ | ثَ مُوْ دُ | ثمود | | قومِ ثمود |
| | فَهَدَيْنٰهُمْ | فَ ہَ دَ یْ نَا ہُمْ | تو ہم نے ان کی رہنمائی کی | ہ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| | فَاسْتَحَبُّوا | فَسْ تَ حَبْ بُ | پھر بھی انہوں نے پسند کیا | ح ب ب | حُبّ، احباب، مُحِبّ، مَحبّت، حَبیب |
| | الْعَمٰى | لْ عَ مَا | اندھے پن کو | ع م ی | اَعمٰی آدمی (اندھا آدمی) |
| | عَلَى الْهُدٰى | عَ لَلْ ہُ دَا | ہدایت پر | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿١٦﴾ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى

جائیں گے ﴿١٦﴾ رہے ثمود، سو ہم نے ان کی بھی رہبری کی پھر بھی انہوں نے ہدایت پر اندھے پن کو ترجیح دی جس بنا پر انہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَخَذَتْهُمْ | فَ اَ خَ ذَ تْ ہُمْ | پھر انہیں پکڑ لیا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | صٰعِقَةُ | صَا عِ قَ ةُ | کڑک نے | ص ع ق | صَاعِقَہ (نام)، صَاعِقَہ (کڑک بجلی) |
| | الْعَذَابِ | لْ عَ ذَا بِ | عذاب کی | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | الْهُوْنِ | لْ ہُوْ نِ | رسوائی کے | ھ و ن | توہین، اِہانت آمیز سُلوک |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی وجہ سے جو | | مَاشَاءَ اللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَكْسِبُوْنَ ﴿١٧﴾ | یَ کْ سِ بُوْ نَ | کمایا کرتے | ك س ب | کسبِ کثیر، کسبِ حلال، کسبِ فیض |
| ١٨ | وَنَجَّيْنَا | وَنَ ج جَائِیْ نَ | اور ہم نے نجات دی | ن ج و | نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کو جو | | |

فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿١٧﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ

(سراپا) ذِلت کے عذاب، کی کڑک نے ان کے کرتوتوں کے باعث پکڑ لیا ﴿١٧﴾ اور (ہاں) ایمان دار اور پارساؤں کو ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | وَكَانُوْا | وَ کَا نُوْ | اور وہ تھے | ك و ن | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | يَتَّقُوْنَ ﴿١٨﴾ | یَت تَ قُوْ نَ | تقویٰ اختیار کرتے | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |
| ١٩ | وَيَوْمَ | وَ یَا وْ مَ | اور جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | يُحْشَرُ | یُ حْ شَ رُ | (ہانک کر) اکٹھا کیا جائے گا | ح ش ر | حشر کا دن، حاشر، محشور، یومِ محشر |
| | اَعْدَآءُ | اَعْ دَ آ...ءُ | دشمنوں کو | ع د و | عداوت، عدو، اَعداءِ اسلام |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِلَى النَّارِ | اِ لَنْ نَا رِ | آگ کی طرف | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | تو وہ | | |
| | يُوْزَعُوْنَ ﴿١٩﴾ | یُوْ زَ عُوْ نَ | روکے جائیں گے | و ز ع | |

اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿١٨﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿١٩﴾ ع ٢ ١٦

(بال بال) بچا لیا ﴿١٨﴾ اور جس دن اللہ تعالیٰ کے دشمن دوزخ کی طرف لائے جائیں گے اور ان (سب) کو جمع کر دیا جائے گا ﴿١٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٠ | حَتّٰٓى | حَتْ تَا.. | یہاں تک | | حتّٰی الامکان، حتّٰی کہ |
| | اِذَا مَا | اِ ذَا مَا | جب | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | جَآءُوْهَا | جَا...ءُ وْ هَا | وہ اس کے پاس آجائیں گے | ج ی ء | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَهِدَ | شَ ہِ دَ | تو گواہی دیں گے | ش ه د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَ اْ ئِ ہِمْ | ان کے خلاف | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | سَمْعُهُمْ | سَ مْ عُ ہُمْ | ان کے کان | س م ع | سامع، قوتِ سماعت، آلۂ سماعت |
| | وَاَبْصَارُهُمْ | وَ اَ بْ صَا رُ ہُمْ | اور ان کی آنکھیں | ب ص ر | بصارت، بصیرت، ابصار |
| | وَجُلُوْدُهُمْ | وَ جُ لُوْ دُ ہُمْ | اور ان کی کھالیں | ج ل د | جلدی بیماری، مُجلّد، امراضِ جلد |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی جو | | ماشاءاللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |
| | كَانُوْا | كَا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |

حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا

یہاں تک کہ جب بالکل جہنم کے پاس آ جائیں گے ان پر ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کی کھالیں ان کے اعمال کی گواہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَعْمَلُوْنَ ⑳ | یَ عْ مَ لُوْ نَ | عمل کیا کرتے | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| ٢١ | وَقَالُوْا | وَ قَا لُوْ | اور وہ کہیں گے | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لِجُلُوْدِهِمْ | لِ جُ لُوْ دِ ہِمْ | اپنی کھالوں سے: | ج ل د | جلدی بیماری، مُجلّد، امراضِ جلد |
| | لِمَ | لِ مَ | کیوں | | |
| | شَهِدْتُّمْ | شَ ہِتْ تُ مْ | تم نے گواہی دی | ش ه د | شہادت، عینی شاہد، شہیدِ ملّت |
| | عَلَيْنَا ط | عَ لَ اْ ئِ نَا | ہمارے خلاف؟ | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | (تو) وہ کہیں گی: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَنْطَقَنَا | اَنْ طَ قَ نَ | ہمیں بلوایا | ن ط ق | حیوانِ ناطق (انسان)، نطقِ لسانی |
| | اللّٰهُ الَّذِيْٓ | ل لَا ہُ لْ لَ ذِ یْ.. | اس اللہ نے جس نے | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |

يَعْمَلُوْنَ ⑳ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ط قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ

دیں گی ⑳ یہ اپنی کھالوں سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف شہادت کیوں دی، وہ جواب دیں گی کہ ہمیں اس اللہ تعالیٰ نے قوت گویائی عطا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْطَقَ | اَنْ طَ قَ | بلوایا | ن ط ق | حَیْوَانِ نَاطِق (انسان)، نُطقِ لِسانی |
| | كُلَّ | كُل لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَیْءٍ | شَائِ ئِ یِ اُوْں | چیز کو | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شَیَٔے، اَشیائے خورد و نوش |
| | وَّ هُوَ خَلَقَكُمْ | وَہُوَ خَ لَ قَ كُ مْ | اور اسی نے تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | اَوَّلَ | اَوْوَلَ | پہلی | ء و ل | اَوّل دوم، اَوّل آخر، اَوّل انعام |
| | مَرَّةٍ | مَرْرَتِیْ اُوْں | مرتبہ | م ر ر | مُرورِ زمانہ (زمانے کا گزرنا)، روزمرّہ |
| | وَّ اِلَیْهِ | وَاِلَائِیْ ہِ | اور اسی کی طرف | | سحر و اِفطار، نماز و روزہ، صُبح و شام رُجُوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ | تُرْ جَ عُوْن | تم لوٹائے جاؤ گے | ر ج ع | رُجوع، رَجعت، مَرجَعِ خلائق |
| ۲۲ | وَمَا كُنْتُمْ | وَ مَا كُنْ تُمْ | اور تم نہیں تھے | ك و ن | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |

اَنْطَقَ كُلَّ شَیْءٍ وَّ هُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ

فرمائی جس نے ہر چیز کو بولنے کی طاقت بخشی ہے، اسی نے تمہیں اوّل مرتبہ پیدا کیا اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے ﴿۲۱﴾ اور تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَسْتَتِرُوْنَ | تَسْ تَ تِ رُوْنَ | پردہ کرتے | س ت ر | سُترہ، مَستور، سَتّارُ العُیُوب سِتر و حجاب، اَحکامِ سِتر و حجاب |
| | اَنْ | آ ئیں | اس (خوف) سے کہ | | عدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | یَّشْهَدَ | یَشْ ہَ دَ | گواہی دیں گے | ش ھ د | شہادت، شاہِد، شہیدِ مِلّت |
| | عَلَیْكُمْ | عَ لَائِیْ كُ مْ | تمہارے خلاف | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | سَمْعُكُمْ | سَمْ عُ كُ مْ | تمہارے کان | س م ع | سامِع، قوّتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |
| | وَلَاۤ اَبْصَارُكُمْ | وَلَا... اَبْ صَا رُ كُ مْ | اور نہ تمہاری آنکھیں | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، اَبصار |
| | وَلَا جُلُوْدُكُمْ | وَلَا جُ لُوْ دُ كُ مْ | اور نہ تمہاری کھالیں | ج ل د | جِلدی بیماری، مُجلّد، اَمراضِ جِلد |

تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ یَّشْهَدَ عَلَیْكُمْ سَمْعُكُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُكُمْ وَ لَا جُلُوْدُكُمْ

(اپنی بداعمالیاں) اس وجہ سے پوشیدہ رکھتے ہی نہ تھے کہ تم پر تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں گواہی دیں گی، ہاں تم یہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلٰكِنْ | وَ لَا كِنْ | اور لیکن | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذکر واذکار |
| | ظَنَنْتُمْ | ظَ نَنْ تُمْ | تم نے گمان کیا | ظ ن ن | ظنّ، حُسنِ ظنّ، سُوءِ ظنّ، بدظنّ |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | لَا يَعْلَمُ | لَا يَ عْ لَ مُ | نہیں جانتا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلوم، علّامہ |
| | كَثِيْرًا | كَ ثِيْ رَ | بہت سے | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | ان (عملوں کو) جو | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ | تَ عْ مَ لُوْنَ | تم کرتے تھے | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| ۲۳ | وَذٰلِكُمْ | وَ ذَا لِ كُ مْ | اور یہ | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکر وفریب |
| | ظَنُّكُمْ | ظَن نُ كُ مْ | تمہارا گمان تھا | ظ ن ن | ظنّ، حُسنِ ظنّ، سُوءِ ظنّ، بدظنّ |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِيْ | وہ جو | | |

وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ

سمجھتے رہے کہ تم جو کچھ بھی کر رہے ہو اس میں سے بہت سے اعمال سے اللہ تعالیٰ بے خبر ہے ﴿۲۲﴾ تمہاری اسی بدگمانی نے جو تم نے اپنے

